اس لیے یہ سمجھنا اہم ہے کہ ہدایت عقلی قناعت کا نام نہیں ہے بلکہ وہ ایک نور ہے جو اللہ جس کے دل میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے۔ اس کے اسباب ہیں جو اللہ نے خود بتائے ہیں لیکن ہدایت توفیق کی حتمی توجیہ ناممکن ہے۔ اسی لیے امام رازی جیسا بڑے پائے کا فلسفی اور متکلم جب اس مقام پر آتا ہے تو عقل کے تمام وسائل کو پھینک دیتا ہے اور پکار اٹھتا ہے:

(العقول مضطربة والحق صعب ، والافكار مختلطة ، ولم يسلم من الغلط إلا الأقلون ، فوجب أن الهداية وإدراك الحق لا يكون إلا باعانة الله سبحانه و تعالى وهدايته وإرشاده ، ولصعوبة هذا الأمر قال الكليم عليه السلام بعد استماع الكلام القديم (رب اشرح لي صدري) وكل الخلق يطلبون الهداية ويحترزون عن الضلالة ، مع أن الأكثرين وقعوا في الضلالة وكل ذلك يدل على أن حصول الهداية والعلم والمعرفة ليس إلا من الله تعالى. التفسير الكبير سورة يونس تحت آية)

انسانی عقول اضطراب کا شکار ہیں اور حق کا ادراک اور حق کی راہ پر گامزن ہونا اور اس پر ثابت رہنا ایک نہایت مشکل امر ہے۔ حق اور باطل افکار ایک دوسرے میں خلط ملط ہیں اور اس راہ میں غلطیوں سے شاذ ونادر انسان ہی بچے ہیں۔ پس یہ لازماً ثابت ہو گیا کہ ہدایت توفیق و ہدایت ارشاد اللہ تعالی کی مدد و اعانت کلی کے بغیر محض اپنے بل بوتے پر حاصل کرنا ناممکن ہے۔ اسی لیے کلیم اللہ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے کلام قدیم کو سننے کے بعد پکار اٹھے کہ اے پروردگار میرا سینہ کھول دے۔ تمام مخلوق اللہ کی ہدایت کی طالب

اور گمراہی سے بچنے کے لیے کوشاں ہے اس کے باوجود اکثریت
گمراہی کے گرداب میں پھنسی ہوئی ہے۔ یہ اس بات کی قطعی دلیل
ہے کہ حصولِ ہدایت، علم حقیقی اور معرفتِ حقیقی فقط اللہ تعالی کی
طرف سے ہے اور محض اس کی توفیق کی مرہون منت ہے اور اس
کے سوا کسی در سے دستیاب نہیں ہوسکتی۔ واللہ أعلم بالصواب

☆ہم ان تمام احباب خاص طور پر جناب حسین احمد صاحب کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس مضمون کو بہتر بنانے کے لیے معاونت کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

☆☆☆

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید اینجا

عزت بخاری

امام غزالی کا تصور عقل اور عقل رحمانی اور عقل شیطانی کے درمیان تفریق کی بنیادیں

علی محمد رضوی

اس مضمون میں ہم حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے تصورِ عقل اور اس کے مالہ وماعلیہ پر تفصیلی گفتگو کریں گے۔ اس مضمون کا مقصد امام غزالی کی فکر کی روشنی میں عقل رحمانی اور عقل شیطانی کے بنیادی فرق کو واضح کرنا ہے اور اور ہم جس بنیاد پر مغربی سرمایہ دارانہ نظام عقل یعنی ریشنلٹی کو عقل خبیثہ کہتے ہیں اس کی بنیادیں اپنے امام کی فکر میں واضح کرنا ہے۔

امام غزالی اور عقل کی حقیقت واقسام پر بحث کا مقصد کیا ہے؟

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی عقل کی حقیقت اور اس کے اقسام پر بحث کا آج ہمارے لیے کیا سبق ہے اور موجودہ تہذیبی تناظر میں اس سے ہم کیا فوائد چن سکتے ہیں؟ یہ بنیادی طور پہ اس مضمون کا موضوع ہے۔ دوسرے الفاظ میں اس مضمون کا مقصد امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی بحث کو اپنے الفاظ میں بیان کرنا نہیں ہے بلکہ اس بحث سے آج کے تناظر میں جو کچھ ہم سیکھ سکتے ہیں اس کی ایک کوشش کرنا ہے۔

بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ عقل کا اطلاق ایک متعین حقیقت پر ہوتا ہے لیکن امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ عقل کی تقسیم سے پہلے اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ لفظ عقل سے مراد کئی مختلف حقائق ہوسکتے ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ معنی کی ایک اہم تقسیم کو لیتے ہیں یعنی معنی بمعنی تصور اور معنی بمعنی ماصدق۔ یہ ممکن ہے کہ ایک لفظ کے ایک سے زیادہ تصوراتی معنی ہوں لیکن ان کا ماصدق معنی ایک ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ ایک لفظ کے تصوراتی معنی مختلف ہوں اور اس کے کئی مختلف ماصدق بھی ہوں۔

تصوراتی معنی اور ماصدق معنی کی یہ تقسیم علوم اسلامیہ میں بہت بنیادی تقسیم ہے جو نہ صرف یہ کہ منطق کے مباحث میں آتی ہے بلکہ حقیقتاً اصولِ فقہ کے مباحث میں بھی اس کو ایک اہم مقام حاصل ہے اور یہ تمام علوم اسلامیہ کے لیے ایک بنیادی تقسیم ہے۔ یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ مشہور جرمن ریاضی دان اور جدید منطق کا بانی گاٹلوب فریگے (Gottlob Frege) اس تقسیم کا موجد ہے لیکن یہ بات بالکل غلط ہے۔ یہ تقسیم علوم اسلامیہ میں بہت پہلے سے موجود ہے۔

اس تقسیم کو استعمال کرتے ہوئے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا عقل کی حقیقت، اس کی ماہیت اور اس کی تعریف کے بارے میں بہت زیادہ اختلاف ہے۔ نہ صرف یہ کہ مسلمانوں اور غیر مسلمانوں کے درمیان بلکہ مسلمانوں کے اندر بھی اور ان کے مختلف علماء اور حکماء کے مختلف مکاتب فکر کے درمیان بھی اس پر کافی اختلاف موجود ہے۔ اس میں کچھ اختلاف حقیقی ہے لیکن کچھ اختلاف صرف لفظی ہے اور اس اختلاف کو سمجھنے کے لیے ایک بنیادی منہج فراہم کرتے ہوئے امام فرماتے ہیں کہ جب عقل کی حقیقت کے بارے میں ہمارا اتنا اختلاف ہے تو اس سے پہلے کہ اس پر بات کی جائے کہ عقل کیا ہے، اس بات کو طے کرنا چاہیے کہ عقل سے ہماری مراد کیا ہے۔

اس میں مزید تفصیل یہ ہو سکتی ہے کہ عقل کے تصوراتی معنی کیا ہیں اور اس کے ماصدق معنی کیا ہیں۔ تصوراتی معانی اور ماصدق معانی کی اس تقسیم کے نتیجے میں حقیقی اختلاف پر ارتکاز کا موقع ملتا ہے اور لفظی اختلافات پر وقت ضائع کیے جانے سے بچا جا سکتا ہے۔ اس سے فائدہ یہ ہو گا کہ لفظی اختلافات میں لوگ وقت ضائع نہیں کریں گے۔

بہت سے اختلافات خاص طور پر مسلمانوں کے اندر کے اختلافات لفظی ہیں اور اس بنیادی تصوراتی تحلیلی کام کے نتیجے میں بہت سا وقت بچا سکتے ہیں۔ یہ ایک اہم اور پہلا سبق ہے۔

بعض اوقات لوگ مختلف الفاظ استعمال کرتے ہیں لیکن ان الفاظ کے پیچھے تصور ایک ہی ہوتا ہے مگر چونکہ وہ لفظی معنی اور تصوراتی معنی میں تفریق نہیں کرتے اس لیے وہ سمجھتے ہیں کہ

ان کا اختلاف جوہری ہے حالانکہ ان کا اختلاف صرف لفظی ہوتا ہے۔ بعض اوقات لوگ مختلف تصوراتی معنی مراد لیتے ہیں لیکن ان کے ماصدق مختلف ہوتے ہیں یعنی وہ جس چیز کے بارے میں بات کر رہے ہیں وہ ایک نہیں ہوتی ہے لیکن وہ اس غلطی میں رہتے ہیں کہ وہ ایک ہی ماصدق کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔ بعض اوقات لوگ ایک ماصدق کے بارے میں بات کر رہے ہوتے ہیں لیکن اس ماصدق کے بارے میں ان کے تصورات مختلف ہوتے ہیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا اختلاف ماصدق کے بارے میں ہے جب کہ حقیقت میں ان کا اختلاف اس ماصدق کے تصور کے بارے میں ہوتا ہے وغیرہ۔ اس تقسیم کے نتیجے میں اختلاف کی نوعیت اور مختلف اختلافات کی ماہیت اور وجوہات سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔

امکانات کے لحاظ سے دیکھا جائے تو لوگوں کا عقل کے تصوراتی معنوں کے بارے میں اختلاف ہو سکتا ہے یا اس کے ماصدق معانی کے بارے میں اختلاف ہو سکتا ہے یا پھر دونوں کے بارے میں اختلاف ہو سکتا ہے۔

ایک صورت یہ ہے کہ لوگوں کے عقل کے مختلف تصورات ہیں مگر ان کا ماصدق ایک ہے ان معنوں میں کہ وہ سب لوگ عقل کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔ مثلاً مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں کے تصورِ خدا مختلف ہیں لیکن وہ ایک ہی ماصدق کے بارے میں بات کر رہے ہیں مثلاً ابرہیم کے رب کے بارے میں بات کر رہے ہیں لیکن ان کا اس ماصدق کی حقیقت کے بارے میں اختلاف ہو گیا ہے۔

لیکن اگر تصوراتی معنی ماصدق کو متعین کرتے ہیں تو مختلف تصورات کے ماصدق بھی مختلف ہوں گے لیکن اس میں دو صورتیں ہو سکتی ہیں۔ ایک صورت یہ ہے کہ جو مختلف ماصدق ہوں وہ کوئی مستقل بالذات اشیاء نہ ہوں بلکہ مثلاً ایک ہی عقل کے مختلف پہلو ہوں۔ اس صورت میں ممکن ہے کہ لوگوں کا اختلاف لفظی ہو ان معنوں میں کہ ایک شخص مثلاً عقل کے ایک پہلو کے بارے میں بات کر رہا ہے جبکہ دوسرا شخص عقل کے کسی دوسرے پہلو کی بات کر رہا ہو۔

لیکن اگر مختلف تصورات میں فرق اتنا جوہری ہے کہ جس چیز کے بارے میں لوگ بات کر رہے ہیں وہ ایک ہی عقل کے دو پہلو نہیں ہیں بلکہ دو مختلف ماصدق ہیں۔ اس صورت میں بھی یہ ممکن ہے کہ جن مختلف اشیاء کے بارے میں بات کر رہے ہوں ان کو جمع کرنا ممکن ہو لیکن اگر ان کو جمع کرنا ممکن نہ ہو تو ہم یہ کہیں گے کہ ان کے تصورِ عقل متضاد ہیں ان معنوں میں کہ ان کے تصورِ عقل اس قدر مختلف ہیں کہ وہ دراصل لفظ عقل سے بالکل دو مختلف چیزیں مراد لے رہے ہوتے ہیں۔ صرف اس آخری قسم کے اختلاف کو ہم حقیقی اور جوہری اختلاف کہیں گے (رب امام زبیدی کی شرح بر احیاء اتحاف السادۃ المتقین ج ۱-۴۵۸)۔

امام کی تقسیم کا ایک بہت بڑا مقصد یہ ہے کہ جوہری اور غیر جوہری اختلاف میں فرق کریں اور یہ دکھائیں کہ ایک مسلمان اور کافر میں عقل کے تصور اور اس کے ماصدق کے بارے میں اختلاف کیا ہے اور کیا اس جوہری اختلاف کو عقل کی بنیاد پر رفع کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

امام غزالی اور عقل کی اقسام

عقل کی پہلی قسم عقل بمعنی استعداد یعنی غریزہ کے ہے اور یہ استعداد ہر چیز کی طرح اللہ کے ارادے سے قائم ہے بذات خود قائم نہیں۔ اس استعداد کے ذریعے ہم علم حاصل کرتے ہیں۔ اس استعداد کا ذہن انسانی سے وہی تعلق ہے جو انسانی آنکھ کا انسانی جسم سے ہے۔ جسمانی آنکھ سے اشیاء کو دیکھتے ہیں اسی طرح ذہن کی آنکھ سے اشیاء کے بارے میں علم حاصل کرنے کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔

الغرض عقل ایک عمومی انسانی صلاحیت کا نام ہے لیکن یہ ایک پیچیدہ استعداد ہے جس میں کئی چیزیں شامل ہیں: مثلاً اس میں ایک چیز جو شامل ہے وہ یہ ہے کہ انسان اس کی مدد سے تصورات قائم کرتا ہے اور ان تصورات کے ذریعے معلومات میں ترتیب دیتا ہے یعنی جمع کرتا ہے۔

اس استعداد میں نتائج اخذ کرنے کی استعداد بھی شامل ہے، قیاس کرنے کی استعداد بھی شامل ہے جو نتائج حاصل کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ چیزوں کے درمیان موازنہ کرنے کی

استعداد بھی اس کا حصہ ہے۔ عقل میں تمام چیزوں کا ایک کلی خاکہ قائم کرنے کی استعداد بھی ہے وغیرہ۔ یہ ساری استعداد پہلی قسم میں شامل ہے۔

یہ استعداد انسان میں اس لحاظ سے طبعی اور فطری ہے کہ یہ بنیادی استعداد محنت اور کوشش سے حاصل نہیں کی جا سکتی۔ لیکن یہ استعداد تجربے کی مدد اور محنت سے نکھرتی ہے۔ مثلاً ایک شخص کی طبعی استعداد زیادہ ہو سکتی ہے لیکن اگر اسے زندگی کا تجربہ نہ ہو، اس نے محنت نہ کی ہو تو محض فطری استعداد کی بنیاد پر وہ اس خلا کو پورا نہیں کر سکتا اور اس کی طبعی استعداد میں نکھار پیدا نہیں ہو گا۔ استعداد تو فطری ہے لیکن اپنے ماحول سے تعامل اور تعاون کے نتیجے میں یہ پروان چڑھتی ہے اور نمو کرتی ہے۔

اس استعداد سے علم بمعنی اطلاع بھی حاصل ہوتا ہے۔ لیکن علم کے حصول کے اعتبار سے دو بنیادی اقسام ہیں: علم بدیہی اور علم نظری۔ علم بدیہی وہ علم ہے جو ہر انسان کو سن تمیز کے بعد بغیر تگ و دو کے خود بخود حاصل ہوتا ہے۔ اسے علم ضروری بھی کہتے ہیں۔ جدید نفسیات و فلسفہ میں اسی تقسیم کو نظام الف اور نظام ب کہتے ہیں۔

عقل بدیہی یا علم بدیہی بھی انسانی استعداد کا حصہ ہے لیکن پہلی عمومی استعداد کا تعلق مواد یا معلومات کے ساتھ ہے جبکہ دوسری کا تعلق عقل کی ہیئت اور ساخت کے ساتھ ہے۔ عقل بمعنی استعداد کے دونوں طرح کی استعداد ہے اور ان دونوں کے ملاپ کے بغیر عقل بطور استعداد کے کام نہیں کر سکتی۔

غرض عقل بمعنی بدیہی امور کے وہ علم ہے جو انسان کو بغیر کد و کاوش کے جب وہ سن بلوغ کو پہنچ جاتا ہے حاصل ہوتا ہے۔ اس بدیہی علم کے بغیر عقل بمعنی استعداد کا کام انجام نہیں ہو سکتا نہ ہی عقل نظری اپنا کام کر سکتی ہے۔ مثلاً انسان بغیر کسی کد و کاوش کے یہ جان جاتا ہے کہ ایک جمع ایک دو ہے یا مثلاً دو ایک سے زیادہ ہے۔ اس بدیہی علم میں ذہن کی ساخت بھی آجاتی ہے اور نتائج اخذ کرنے کی صلاحیت بھی کسی نہ کسی حد تک آجاتی ہے کیونکہ استدلال کی بنیادی قوت کا تعلق انسان کے ذہن کی ساخت اور ہیئت سے بھی اتنا ہی ہے جتنا استعداد سے

ہے۔

ممکنات عقلیہ اور مستحیلات عقلیہ کا تعلق بھی عقل کی اس قسم سے گہرا ہے۔ دو اور دو چار ضرورت عقلی ہے جبکہ دو جمع دو پانچ مستحیلات عقلیہ میں شمار ہوتی ہے اور حضرت امام کی مثال ہے کہ ایک شخص واحد کا دو جگہ پر ایک وقت میں متصور ہونا مستحیل ہے۔ کل بارش ہوگی ممکنات میں سے ہے۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ امکانات عقلیہ، ضروریات عقلیہ اور مستحیلات عقلیہ کا تعلق عقل کی ساخت، ہیئت اور تخیلاتی پرواز سے ہے ضرورتاً حقیقت سے نہیں ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اطلاعات خارجہ کو عقل اس طریقے منظم کرتی ہے جس کی اجازت اس عقل کی بنیادی ساخت اور ہیت دیتی ہے لیکن اس سے یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ عقل کے پاس حقیقت اشیاء کی ماہیت کا ادراک اپنے بل بوتے پر نا ممکن ہے۔ ہدایت کی ضرورت کی یہ بہت اہم اور ابتدائی دلیل ہے اگر ہدایت نہیں ہے تو عقل کے سراب سے نکلنا نا ممکن ہے۔

تیسرا معنی یا قسم عقل کی زندگی کے تجربات کے ہیں۔ تجربے کے بغیر آپ کو اطلاع حاصل نہیں ہوتی ہے کیونکہ نہ تو عقل بمعنی استعداد کے آپ کو خود بخود اطلاع دے سکتی ہے اور نہ عقل بمعنی بدیہی علم کے آپ کو کوئی اطلاع دے سکتی ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ عقل بمعنی استعداد تو ہر انسان میں موجود ہے لیکن یہ استعداد بالقوۃ سے بالفعل میں اپنے ماحول سے تعامل کے نتیجے میں تبدیل ہوتی ہے۔ اس کو بالفعل بننے کے لیے عمومی معنوں میں تجربے کی احتیاج ہوتی ہے۔ اپنے ماحول سے تعامل کے نتیجے میں یہ استعداد پروان چڑھتی ہے، نمو پاتی ہے اور عقل بالفعل کی حیثیت اختیار کرتی ہے۔

تجربہ اطلاعت بھی فراہم کرتا ہے اور سیاق و سباق بھی فراہم کرتا ہے۔ ایک ہی چیز مختلف سیاق میں کس طرح روپ بدلتی ہے یہ بھی ایک ہی چیز کو مختلف سیاقات میں تجربہ کرنے سے سمجھ میں آتی ہے۔

یہ درست ہے کہ عقل بدیہی کچھ بنیادی اطلاعات فراہم کرتی ہے لیکن یہ وہ اطلاعات ہوتی

ہیں جو بنیادی طور پہ عقل کی ساخت کے متعلق ہیں یا عقل کی استدلالی ہیئت کے متعلق ہوتی ہیں لیکن عقل کی پہلی دو اقسام آپ کو یہ نہیں بتا سکتی ہیں کہ (مثلاً) باہر بارش ہو رہی ہے۔ اس کے لیے عقل تجربی درکار ہوتی ہے۔

غرض تجربے سے آپ کو اطلاعات حاصل ہوتی ہیں اور عقل استعدادی و عقل بدیہی اطلاعات کو منظم اور مرتب کرتی ہیں اور ان سے نتائج اخذ کرتی ہیں۔

چوتھے معنی عقل کے عقل عملی سے متعلق ہیں۔ یہ قسم ایک لحاظ سے ثمرہ ہے وہ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ زندگی کو کس طرح بہتر طریقے سے گزارا جا سکتا ہے۔ اور اس عقل عملی کا تعلق انسانی خواہشات سے ہے۔ انسانی خواہشات انسان کو عمل پر ابھارتی ہیں اور اپنی تکمیل چاہتی ہیں۔ خواہشات کی تکمیل کئی امور کو شامل ہے کیونکہ انسان کی ایک سے زیادہ خواہش ہو سکتی ہے اور خواہشات میں ازدحام بھی ہو سکتا ہے۔ اس لیے جب بھی خواہشات کی تکمیل کا سوال اٹھتا ہے اس میں خواہشات کی ترتیب کا سوال اور یہ سوال کہ وہ ترتیب کس بنیاد پر ہو بھی اٹھتا ہے۔

خواہشات اور ان کی تکمیل کا نتائج سے بھی گہرا تعلق ہے خواہشات کی تکمیل خود ایک نتیجہ ہے اور خواہشات کے غیر ارادی نتائج بھی ہو سکتے ہیں۔ مزید بر آں خواہشات کے نتائج کو ہم فی الفور نتائج اور دور رس نتائج میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ خواہشات کے بدن اور نفس اور ماحول پر اثرات کا تعلق بھی نتائج سے ہے۔ خواہشات کے نتائج بالاخر انسان کی فلاح و ناکامی سے جڑے ہوئے ہیں اور یہ فلاح ناکامی دنیوی بھی ہو سکتی ہے اور اخروی بھی ہو سکتی ہے وغیرہ۔

مجرداً دیکھیں تو انسانی عقل اور خواہشات دو متضاد قوتیں ہیں دونوں انسان پر حکمرانی چاہتی ہیں اور اس حکمرانی کی جستجو میں ان دونوں قوتوں کے درمیان ایک ازلی اور ابدی جنگ جاری ہے۔ لیکن یہ دونوں قوتیں ایک دوسرے کے محتاج بھی ہیں کیونکہ خواہشات بغیر عقل اندھی ہیں اور عقل خواہشات کے بغیر تہی دامن ہے۔ ہمارا فلسفیانہ دعویٰ یہ ہے کہ اس مسئلے

کا کوئی حل نور نبوت کے بغیر نہیں ہے۔

ایک لحاظ سے دیکھا جائے تو خواہشات کا عقل عملی سے وہی تعلق ہے جو عقل نظری سے حسی تجربے کا یا حسی تجربے سے حاصل شدہ اطلاعات کا ہے۔ خواہشات انسان کو یہ بتاتی ہیں کہ وہ کیا چاہتا ہے۔ عقل یہ بتاتی ہے کہ جو وہ چاہتا ہے اس کو حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے یا اگر ایک سے زیادہ طریقے ہیں تو ان میں سے بہترین طریقہ کون سا ہے۔

عقل یہ سوال بھی اٹھا سکتی ہے اور بالفعل اٹھاتی بھی ہے کہ کیا انسان کو جو وہ چاہ رہا ہے چاہنا چاہیے یا نہیں۔ یہ سوال کم از کم دو مختلف سیاقات میں اٹھایا جا سکتا ہے۔ اولاً عقل یہ سوال اٹھا سکتی ہے کہ یہ چاہت اس وقت چاہی جانی چاہیے یا نہیں اور ثانیاً عقل یہ سوال بھی اٹھا سکتی ہے کہ کیا یہ چاہت مطلقاً چاہی جانی چاہیے کہ نہیں۔

ہم اس کا انکار نہیں کرتے کہ عقل یہ سوال اٹھاتی ہے کہ اسے کیا چاہنا چاہیے اور اٹھا سکتی ہے اور اس کے جواب بھی دے سکتی ہے اور دیتی بھی ہے لیکن جس چیز پر ہم سوالیہ نشان لگاتے ہیں وہ یہ ہے کہ یہ جوابات عقل اپنے بل بوتے پر دیتی ہے یا خواہشات عقل کو ورغلا کر اسے اپنے ترجمان کے طور پر استعمال کرتی ہیں؟ آیا عقل ان چیزوں کا درست جواب دے سکتی ہے کہ نہیں اور عقل جو جواب دیتی ہے کیا ان جوابات کی حقیقت میں کوئی پیوستگی ہے کہ نہیں؟

ہمارا دوسرا فلسفیانہ دعویٰ اس ضمن میں یہ ہے کہ عقل ان سوالات کو اٹھاتی بھی ہے اور ان کے جواب بھی دے سکتی ہے لیکن ان سوالات کے حتمی جواب اپنے بل بوتے پر خواہشات یا نور نبوت کے بغیر نہیں دے سکتی۔

عقل کے مقابلے میں خواہشات کی قوت کا احساس قدیم زمانے سے غیر مسلم مفکرین، فلسفیوں، راہبوں اور سادھوؤں کو رہا ہے۔ اس لیے خواہشات کو معتدل بنانا غیر اسلامی فلسفہ اخلاق کا حصہ رہا ہے۔ فلسفیوں، راہبوں، اور سادھوؤں نے خواہشات کو توڑنے کے لیے عملی طریقے بھی ایجاد کیے۔ اس نقطہ نگاہ میں خواہشات کو بے لگام گھوڑے اور عقل کو لگام سے تعبیر کرتے ہیں۔ لیکن خواہشات کو معتدل بنانا خواہشات کے درمیان صحیح خواہشات اور غلط

خواہشات کے فرق کے مترادف نہیں ہے۔ ہم جتنا بھی خواہشات کو معتدل بنائیں عقل کے پاس خواہشات صالحہ اور خواہشات رذیلہ کے درمیان فرق کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ شدت خواہشات کے توڑنے کے نتیجے میں عقل خواہشات کے مقابلے میں ایک گونہ قوت حاصل کر سکتی ہے اور عقل تجربے کی بنیاد پر خواہشات کے درمیان انسانی فائدے اور نقصان کی بنا پر کسی نہ کسی حد تک ان کی تنقید اور ترتیب کر سکتی ہے۔ یہاں بھی یہ محل نظر ہے کہ عقل خواہشات کے مقابلے میں قوت حاصل کرتی ہے یا چند خواہشات دوسری خواہشات کے مقابلے میں قوت حاصل کرتی ہیں!

حقیقت یہ ہے کہ عقل کو خواہشات سے الگ کرنا ایک تجریدی عمل ہے اور فی الواقع عقل اور خواہشات دوسرے میں اس طرح پیوست ہیں کہ فی الواقع ان کو الگ کرنا ناممکن ہے۔

مزید بر آں "فائدہ" کا تصور محض دنیوی ہے اور اس فائدے کے بارے میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ حقیقت میں نقصان دہ ثابت نہیں ہو گا مزید بر آں یہ کہ خواہشات کے فی نفسہٖ مفید اور ضرر ہونے کا تصور سرے سے مفقود ہے جو کہ صرف شریعت مطہرہ کے ذریعے حاصل ہو سکتا ہے۔ نیز "عواقب الامور" کا کوئی تصور سرے سے موجود ہی نہیں کیونکہ عاقبت کا کوئی تصور موجود نہیں ہے۔

فلسفۂ عالم اور مذاہب عالم میں ہمیں ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ لوگوں نے خواہشات کو بالکل کچل کر رکھ دیا لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ عقل خواہشات کے بغیر اپنے نفس کے ماورا دیکھ سکتی ہے۔ اس سلسلے میں کئی امکانات ہیں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ انسان سمجھے کہ اس نے خواہشات کو دبا دیا لیکن جیسا کہ کہا گیا ہے کہ ہوس چھپ چھپ کے بنا لیتی ہے تصویریں، اس طریقہ سے یہ جاننا ناممکن ہے کہ جس کو ہم خواہشات سے بری ہونا سمجھ رہے ہیں وہ کسی دوسری خواہش کے غلبے کی ایک شکل ہو۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ خواہشات سے ماورا ہو کر عالم نورانی سے انسان کا تعلق ہو جائے لیکن یہ کہ عالم نورانی سے اس میں جو تجلیات آتی ہیں ان کا اپنے بل بوتے پر ادراک اس بات کا متقاضی نہیں ہے کہ وہ ساری تجلیات حق ہیں کیونکہ جس کو ہم

عالم نورانی کہتے ہیں اس میں بھی حق اور باطل کے دو منابع موجود ہیں۔ اس لیے ان تجلیات کے بارے میں بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان میں کچھ تو تجلیات رحمانی ہوتی ہیں جو ملائکہ اور عالم ملکوت سے آتی ہیں لیکن بہت سی تجلیات شیطانی بھی ہوتی ہیں جو عالم ناسوت سے آتی ہیں۔ الغرض خواہشات سے اگر بالفرض اوپر اٹھ بھی جائیں تو یہ نتیجہ نکالنا کہ جو تجلیات ہمیں خواہشات کی عدم موجودگی میں ہوں گی وہ تجلیات حق ہوں گی اس کا کوئی ثبوت نہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ حق کو حق کی حیثیت سے دیکھنے کے لیے نور نبوت اور نور ربانی جو نور نبوت کے بغیر اپنی مکمل شکل میں ناممکن ہے کی ضرورت ہر وقت موجود رہے گی۔

عقل کی اقسام اور ان کا باہمی تعلق

عقل کی پہلی قسم اصل ہے اور دوسری قسم پہلی کی فرع ہے اور اس سے قریب ہے ان معنوں میں کہ وہ بھی ایک طرح کی استعداد ہی ہے۔

تیسری قسم پہلی اور دوسری قسم کی فرع ہے کیونکہ تیسری قسم پہلی دو قسموں کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی لیکن یہ کہ پہلی دو قسمیں بھی اپنے بل بوتے پر تیسری قسم کے بغیر نہیں چل سکتی۔ یعنی ان دو قسموں کا ایک دوسرے سے باہمی تعلق ہے۔

اول دو قسمیں بالطبع اور فطری ہیں۔ ان معنوں میں کہ آپ کے جسم اور دماغ اور ذہن کا حصہ ہیں۔ آخری دو قسمیں آپ کو کوشش سے حاصل ہوتی ہیں ایک تجربہ سے جس میں کوشش صرف ہوتی ہے اور اور آخری قسم بھی تجربے پر انحصار کرتی ہے۔ لیکن اول دو قسمیں آخری دو قسموں کے نتیجے میں نکھرتی ہیں اور بالقوہ سے بالفعل کی حیثیت اختیار کرتی ہیں۔ اور پہلی دو قسموں کے پروان چڑھنے سے اول دو قسموں کی استعداد اور فعالیت میں بھی اضافہ ہوتا ہے جو بالآخر دوسری دو قسموں کے آخری دو قسموں میں نمو اور پرورش کا باعث ہوتا ہے۔

پہلی قسم اس لحاظ سے اساس تو ہے لیکن اس اساس کے نشو نما کے لیے ماحول سے انٹریکشن اور تعامل اور تجربہ ضروری ہے۔ اس استعداد کے بغیر تجربہ حاصل نہیں ہو سکتا لیکن یہ ہے

کہ تجربے کے بغیر اس استعداد میں نکھار بھی نہیں پیدا ہو سکتا اور یہ استعداد بالقوۃ سے استعداد بالفعل میں بھی تبدیل نہیں ہو سکتی۔ تو اس لحاظ سے ان دو اقسام میں تعلق باہمی ہے۔

دوسری قسم بدیہی علوم کی ہے۔ اس کو ضروری بھی کہتے ہیں۔ ہماری ذہن کی ساخت اس طرح ہے کہ ہم یہ نہیں سوچ سکتے کہ دو اور دو پانچ ہوں جبکہ ہم یہ سوچنے پہ مجبور ہیں کہ دو کا آدھا ایک ہے اور اگر دو کا آدھا ایک ہے تو ایک کا دوہرا دو ہو گا اور یہ کہ ایک ہی چیز ایک ہی وقت میں ساکن و متحرک نہیں ہو سکتیں وغیرہ۔ ایک لحاظ سے دوسری قسم بھی استعداد کا حصہ ہے۔ لیکن پہلی استعداد اور دوسری استعداد میں فرق یہ ہے کہ پہلی استعداد کا معلومات سے تعلق ہے لیکن دوسری استعداد کا معلومات سے بنیادی طور پر کوئی تعلق نہیں ہے اس کا تعلق انسان کے ذہن کی ہیئت سے ہے۔

اس لحاظ سے پہلی اور دوسری قسم طبعی اور فطری استعداد ہے اور ان دونوں کے بغیر عقل بطور فطری استعداد کے کام نہیں کر سکتی ہے سو ایک لحاظ سے آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ اصل اور فرع ہیں لیکن دوسرے پہلو سے دونوں ہی اصل ہیں لیکن یہ دونوں جو اصل ہیں جیسا کہ کہا گیا محض بالقوہ استعداد کے اصل ہیں ان معنوں میں کہ ان کا عمل ماحول سے تعامل کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ ماحول سے تعامل کے لیے جو عمومی لفظ ہے وہ تجربہ ہے۔ اور تجربے سے مراد ہر قسم کا تجربہ ہے کیونکہ تجربہ اطلاعات بھی فراہم کرتا ہے اور سیاق بھی فراہم کرتا ہے۔ کیونکہ ایک ہی چیز کا مختلف سیاق میں مختلف معنی اور مختلف ماحاصل ہو سکتا ہے۔

چوتھی اور آخری قسم ایک لحاظ سے عقل کی تمام اقسام کا ثمرہ ہے ان معنوں میں کہ وہ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ زندگی کو کس طرح بہتر طریقے سے گزارا جا سکتا ہے اور زندگی کا حاصل کیا ہے۔ اس کے لیے خواہشات اور عقل کا تعلق اہم ہے۔ عقل کی چوتھی قسم عقل و خواہشات کے باہمی تعلق کو قائم کرتی ہے۔

چوتھی قسم عقل کو خواہشات پر حکمران بنانے پر مبنی ہے۔ اس پہلو سے یہ پہلی قسم عقل بمعنی استعداد سے علیحدہ کوئی چیز نہیں ہے۔ لیکن جب یہ انسانی استعداد ہماری خواہشات سے متعلق ہوتی ہے تو اس کو عقل کی چوتھی قسم کہتے جس کے بارے میں ہمارے امام کہتے ہیں کہ عقل کی یہ قسم عواقب الامور یعنی مآلات امور یا نتائج سے متعلق ہے۔ اس قسم کو ہم عقل عملی کا نام دے سکتے ہیں۔

جو لوگ عقل کی قوت کے بہت زیادہ مدعی ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ عقل اپنے بل بوتے پر خواہشات پر حکمرانی کر سکتی ہے۔ عقل پرست فلسفیوں مثلاً افلاطون وغیرہ کا یہ خیال تھا۔

لیکن ایک دوسرا مکتبہ فکر ہے اس کا یہ خیال ہے کہ خواہشات پر اس وقت تک حکمرانی نہیں کی جا سکتی جب تک خواہشات کی تربیت نہ ہو جائے۔ اور خواہشات کی تربیت کے لیے علم نظری کی بھی ضرورت ہے اور علم عملی کی ضرورت ہے اور ان دونوں علوم علم نظری اور علم عملی کو حاصل کرنے کے لیے عقل مدد تو دے سکتی ہے لیکن عقل اس میں خود مکتفی نہیں ہے۔ اس کے لیے آپ کو شریعت کی ضرورت ہے۔ شریعت حق بھی ہو سکتی ہے اور باطلہ بھی ہو سکتی ہے۔

شریعت آپ کو بتائے گی کہ کون سی خواہش اچھی ہے کون سی خواہش بری ہے اور کون سی خواہش کو پروان چڑھانا ہے کس کو دبانا ہے۔ شریعت حق اس کا سچا علم دیتی ہے اور شرائع باطلہ اس کا جھوٹا یا نامکمل علم دیتی ہیں۔

کلام پاک میں اللہ تعالی نے فرمایا کہ ہم نے انبیاء علیہم السلام کو اس لیے بھیجا کہ وہ انسانوں کا تزکیہ کریں۔ یہ تزکیہ نظری اور عملی ہر دو طور پر خواہشات کا تزکیہ ہے۔ فرمایا کامیاب ہو گیا جس نے نفس کو پاک کر لیا اور ناکام ہو گیا جس نے اس کو (رزائل کے نیچے) دبا دیا (سورہ شمس)۔

امام غزالی اور عقل و شرع شریف کا تعلق

حضرت امام غزالی ایک عظیم الشان مثال کے ذریعے شریعت مطہرہ اور عقل کے درمیان تعلق واضح کرتے ہیں۔ اس مثال کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ پہلا حصہ یہ ہے کہ عقل اور آنکھ دونوں کے اپنے اپنے عمل یا فنکشن ہیں۔ اور اس میں آنکھ کا عمل دیکھنے کا عمل ہے جبکہ عقل کا عمل سمجھنے اور فہم کا عمل ہے۔

اس کا دوسرا حصہ یہ ہے کہ آنکھ اور عقل دونوں کا اپنا اپنا معروض یا ابجیکٹ ہے۔ اس میں آنکھ کا معروض اشیاء ہیں جبکہ عقل کا معروض اشیاء کا علم ہے۔

اب اس مثال کے دوسرے حصے کی طرف آتے ہیں۔ اس مثال میں عقل اور شریعت کے تعلق کے بارے میں سوال اٹھائیں گے۔ اب فرض کر لیں کہ عقل میں مسلمان اور کافر دونوں برابر ہیں اسی طرح جس طرح آنکھ اور اس کی بینائی میں مسلمان و کافر میں چنداں فرق نہیں۔ لیکن مثال کے اس دوسرے حصے کے ذریعے واضح ہو گا کہ عقل مسلمانی اور عقل کافر میں کیا بنیادی فرق ہے اور یہ بنیادی فرق عقل اور شریعت مطہرہ کے درمیان بنیادی تعلق کو سمجھنے سے سمجھ میں آئے گا۔

اس مثال میں حضرت امام سورج کی روشنی کا آنکھ کی بینائی اور اس کی قوت بصارت سے تعلق کا موازنہ شریعت مطہرہ اور عقل کے درمیان تعلق سے کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ شریعت کا تعلق عقل سے اور عقل کی بصیرت سے وہی ہے جو سورج کی روشنی کا تعلق آنکھ کی بینائی اور بصارت سے ہے کہ اگر سورج کی روشنی نہ ہو تو آنکھ تمام تر استعداد کے باوجود اشیاء کو دیکھنے سے محروم رہتی ہے۔ اسی طرح اگر شریعت مطہرہ کی روشنی نہ ہو تو عقل اپنی تمام تر استعداد اور جولانیوں کے باوجود بصیرت سے محروم رہتی ہے۔

جس طرح سورج کی روشنی کے بغیر یا اس کے مساوی مصنوعی روشنی کے بغیر آنکھ یا تو اشیاء کو بالکل نہیں دیکھ سکے گی اور اگر دیکھے گی بھی تو بالکل دھندلا اور نامکمل دیکھے گی اسی طرح

شریعت مطہرہ کے نور کے بغیر عقل انسانی بصیرت در حقائق اشیاء سے بالکل محروم رہے گی یا اس سے جزوی بصیرت حاصل ہو بھی تو وہ دھندلی اور نامکمل ہوگی اور نتیجتاً حقیقت کا ایک مسخ تصور دے گی۔

اس مثال سے مولانا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ جو بات ہمیں سمجھانا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ عقل ایک صفت ہے اور ایک قوت ہے جاننے کی جیسا کہ آنکھ ایک قوت ہے اشیاء کو دیکھنے کی اور بایں معنی اس میں مسلمان اور کافر میں کوئی بنیادی فرق نہیں ہے۔ کافر بھی آنکھ سے دیکھتا ہے مسلمان بھی آنکھ سے دیکھتا ہے۔ اسی طرح کافر بھی عقل کو استعمال کر کے علم حاصل کرتا ہے مسلمان بھی عقل کو استعمال کر کے بنیادی علم حاصل کرتا ہے۔

لیکن جس طرح سورج کی روشنی کے بغیر یا اس کی مساوی مصنوعی روشنی کے بغیر آنکھ کے ہوتے ہوئے بھی ہم اشیاء کو ویسا نہیں دیکھ پائیں گے جیسا کہ ان کو دیکھنا چاہیے۔ وہ دھندلی دکھیں گی، وہ حقیقت کے مطابق نہیں دکھیں گی اور وہ مکمل نہیں دکھیں گی۔ بالکل اسی طرح عقل کے ہونے کے باوجود اگر قران اور سنت و شریعت مطہرہ کی روشنی نہ ہو تو آپ کا حقیقت کا علم ادھورا ہوگا، نامکمل ہوگا۔ آپ حقیقت کو اس طرح نہیں جانیں گے جیسا کہ اسے جاننا چاہیے۔

الغرض عقل کی فطری قوت تو ایک بنیاد ہے اس کے بغیر آپ قران مجید بھی نہیں سمجھ سکیں گے لیکن یہ علم کی ضروری ولازمی شرط ہے خود مکتفی شرط نہیں ہے۔ حقیقت کا علم جیسا کہ وہ ہے اس کا علم حاصل کرنے کے لیے قرآن و سنت کے آفتاب اور قرآن و سنت کے سورج کی پرنور اور پربرکت روشنی کے بغیر عقل آپ کو حقیقت کے ادھورا اور نامکمل اور دھندلے تصور سے زیادہ کچھ نہیں دے پائے گی۔

امام غزالی اور عقل رحمانی و عقل شیطانی میں بنیادی فرق

ہم نے اس مضمون کا آغاز امام غزالی رحمت اللہ علیہ کے عقل کے تصور اور ماصدق کی بنیادی

تقسیم سے کیا تھا۔ اب اس کے اختتام پر اس تقسیم کی طرف دوبارہ لوٹتے ہیں۔

اوپر کی بحث سے انشاء اللہ یہ واضح ہو گیا ہو گا کہ گو کہ ہمارے امام عقل کی اس بنیادی حیثیت کو تسلیم کرتے ہیں کہ وہ ہر انسان میں خدا کی ودیعت کی ہوئی ایک طبعی اور فطری استعداد ہے، وہ اس کے ساتھ یہ بھی واضح کرتے ہیں کہ یہ فطری استعداد محض بالقوہ استعداد ہے اور استعداد کو بالفعل حقیقت میں تبدیل کرنے کے لیے جس طرح آنکھ کو فطری روشنی کی ضرورت ہے اسی طرح عقل کو نور وحی اور نور نبوت کی ضرورت ہے۔

اس تناظر میں دیکھیں تو جو عقل بالقوۃ نور نبوت کے بغیر عقل بالفعل میں تبدیل میں ہو گی وہ اس عقل سے بالکل مختلف ہو گی جو نور نبوت کی روشنی میں بالقوۃ سے بالفعل میں تبدیل ہو گی۔ اس لیے اول الذکر کو ہم عقل شیطانی کہنے میں حق بجانب جبکہ موخر الذکر کو عقل رحمانی کہنے میں حق بجانب ہیں۔

منہاج غزالی کا بنیادی نور یہ حکمت ہے کہ کہ عقل محض ایک مجرد تصور ہے، خارج میں اس کا کوئی وجود نہیں ہے۔ عقل خارجی یا تو نور نبوت سے مستنیر ہو گی یا ظلمت شیطانی سے مستور ہو گی۔ عقل خارجی کا تصور حقیقت اس حد تک درست ہو گا جس حد تک وہ نور نبوت سے منور ہو گا اور اس کا تصور حقیقت اس حد تک مسخ اور نا مکمل ہو گا جس حد تک وہ نور نبوت سے دور اور ظلمت شیطانی سے قریب ہو گی۔ عقل اسلامی اور عقل شیطانی میں یہ بنیادی فرق غزالی منہاج کی بنیاد ہے۔

عقل شیطانی نے مختلف ادوار اور مختلف انسانی معاشروں میں مختلف شکلیں اختیار کی ہیں اور آج جدیدیت اور سرمایہ داری کے دور میں اس عقل شیطانی نے جو شکل اختیار کیا ہے اس کو ہم نے ریشنلٹی کہا ہے اور اس عقل شیطانیہ اور اس کی مختلف صورتوں اور اس میں جاری بنیادی تعقل کی وضاحت اس رسالے کے افتتاحی مضمون میں تفصیل سے کی گئی ہے۔

حرف آخر

اللہ تعالیٰ نے انسان کو تخلیق کیا اور اس کو ہدایت دی اور اس کی ہدایت کے بغیر انسان ایک لمحے کے لیے نہ تو اپنے وجود کو قائم رکھ سکتا ہے اور نہ اس کے بل بوتے پر کوئی کام کر سکتا ہے۔ اللہ پاک کی ہدایات دو قسم کی ہے۔ ایک ہدایت ہے ہدایت کونی اور دوسری ہدایت ہے ہدایت تشریعی۔ لیکن ہدایت کونی سے فائدہ ہدایت تشریعی کی روشنی ہی میں سود مند ہو سکتا ہے۔ ہدایت تشریعی کی رہنمائی کے بغیر ہدایت کونی انسانی نفس کا اور شیطان کا آلہ کار بن جاتی ہے۔ انسانی عقل ہدایت کونی کا حصہ ہے اور اس لحاظ سے عقل انسانی ہدایت وحی ربانی اور ہدایت تشریعی کے بغیر عقل شیطانی بن جاتی ہے۔

امام غزالی نے اس حقیقت کو اپنی مختلف کتابوں میں مختلف پیرایوں میں بیان کیا ہے۔ ہمارے بعض مشائخ نے امام سے یہ نقل کیا ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ عقل وحی ہے انسان کے داخل سے اور وحی عقل ہے خارج سے اور چونکہ عقل انسان کے داخل سے ہے اس لیے اس میں نفسانی خواہشات کے آمیزش اور خطا کا ہمیشہ امکان رہتا ہے لیکن چونکہ وحی ربانی عقل ہے خارج سے جس کی حفاظت کا ذمہ اللہ پاک نے خود لیا ہے اس لیے اس میں غلطی کا کوئی امکان نہیں ہے اس لیے وہ انسانی نفسانی خواہشات سے پاک ہے اور وحی داخلی کو وحی خارجی کے تابع کیے بغیر ہدایت ربانی کے فیض سے اس کو منور نہیں کیا جا سکتا۔ اور اگر وہ ہدایت ربانی کے فیض سے منور نہیں ہوگی تو شیطان کے رنگ میں رنگی ہوئی ہوگی کیونکہ انسان کے نفس اور اس کے اندر شیطان اسی طرح دوڑتا ہے جس طرح اس کی رگوں میں خون دوڑتا ہے جیسا کہ رسالت پاک نے اپنے ارشادات پاک میں واضح فرمایا ہے۔

اسی لیے قلوب کو پاک کیے بغیر اور داخل کو نور ربانی کے وصول یابی کے لیے تیار کیے بغیر علم حقیقی کا حصول ناممکن ہے۔ اسی لیے تصوف اور عقل رحمانی کا گہرا تعلق ہے۔ امام محی الدین

عبد القادر العیدروس الھندي رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

والقلوبُ بيوت تولّى اللهُ بناءَها بيدِهِ ، وأعدَّها لأن تكون خزائن علمه ، ومسارب مكنوناته، ومهبط ملائكتِهِ، ومغاشي أنوارِهِ، ومهاب نفحاته، ومحال مكاشفاته، ومجاري رحمتِه، وهيأها لتحصيل المعرفة به۔ فمتى كان فيها شيء من تلك الأخلاق المذمومة.. لم تدخلها الملائكة۔

ولم تنزل عليها بشيءٍ مِنَ الخيرِ مِنْ قِبَلِهِ ؛ إِذْ هي الوسائط بينَ اللهِ تعالى وبين خلقه ، وهُمُ الوفود منه بالخيراتِ والموصلونَ إليه وعنه بالباقيات الصالحات

ولولا تلك الأخلاقِ المذمومة التي حلّتْ فيهِمْ ؛ وهي التي ذم الكلب لأجلها .. لَمَا أُحرِمَتِ الملائكة بإذنِ اللهِ عزَّ وجلَّ عن حلولها فيها وهي لا تخلو مِنْ خير تنزلُ به، ويكون معها، فحيثما حلَّتْ حل الخير في ذلك القلب بحلولها فيه۔

دل وہ گھر ہیں جن کو اللہ پاک نے خاص اہتمام سے تعمیر کیا تاکہ وہ اس کے عطا کردہ علوم کا خزانہ اس کے رازوں اور اس کی انوار و تجلیات، نفحات و مکاشفات کی آماجگاہ بن سکیں۔ ان دلوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنی معرفت کے حصول کے لیے تیار کیا تاکہ وہ اس کے قرب کی سرشاری کو اس کے خاص کرم سے سہنے کہ قابل ہو سکیں۔ اس لیے جب بھی یہ دل برے اخلاق سے آلودہ ہوتے ہیں تو اس قابل نہیں رہتے کہ ان میں اللہ پاک کے ملائکہ داخل ہو سکیں اور اس قابل نہیں رہتے ہیں کہ اللہ پاک کی طرف سے کوئی خیر ان دلوں پر نازل ہو، کیونکہ ملائکہ اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوق کے

درمیان پیغام رسانی کا واسطہ ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کے وفود ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے علوم و خیرات انسانوں کو منتقل کرتے ہیں اور انسانوں کی طرف سے خیرات وصالحات کو بارگاہ الٰہی میں پیش کرتے ہیں۔

گر یہ دل گناہوں سے اور اخلاق ذمیمہ سے آلودہ نہ ہوتے تو ملائکہ کا ان پہ نزول کبھی نہ رکتا اور ان میں علوم و عرفان و خیرات کی نہر جاری کبھی خشک نہ ہوتی۔

ہمارے امام اسی بنیاد پر عقل رحمانی اور عقل شیطانی میں فرق کرتے ہیں۔ منطق پر اپنی کتاب "محک النظر" میں فرماتے ہیں کہ کافر کو چاہے وہ بہت بڑا طبیب و ریاضی دان و انجینئر کیوں نہ ہو عاقل نہیں کہنا چاہیے کیونکہ عاقل صرف وہ ہے جو عواقب الأمور پر نظر رکھے اور عواقب الأمور کو نور نبوت کے بغیر نہیں جانا جا سکتا۔ اس لیے فرمایا کہ کافر کو زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ بڑا ماہر ہے یا زیرک ہے وغیرہ۔ اس کو عاقل ہر گز نہ کہا (اور سمجھا) جائے۔

لا يقال للكافر وإن كان فاضلاً في جملة من علوم الطب والهندسة إنه عاقل، بل إما داهية وأما فاضل وإما كبير...

والله أعلم بالصواب

تم بحمدالله و منه و ببركة سيدي مولانا سيد الأولين والآخرين مولانا محمد و آله و أزواجه و ذريته أجمعين و ببركة الحجة حجة الإسلام و حجة رسول الله الإمام الغزالي نفعنا الله بعلومه في الدارين ورفع الله قدره في الدارين۔

ہم ان تمام احباب خاص طور پر جناب حسین احمد صاحب کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس مضمون کو بہتر بنانے کے لیے معاونت کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

☆☆☆

تصوف بندگی اور آدمیت کا سفر ہے

غلام جیلانی خان

الحمدللّٰہ علی إحسانہ والصلاۃ والسلام علیٰ محمد و آلہ و أصحابہ تسلیما کثیرا کثیرا

عقل میں جو گھر گیا لا انتہا کیوں کر ہوا
جو سمجھ میں آ گیا پھر وہ خدا کیوں کر ہوا

سب انسان مردہ ہیں زندہ وہ ہے جو علم والا ہے۔ سب علم والے سوئے ہوئے ہیں، بیدار وہ ہیں جو عمل والے ہیں۔ سب اخلاص والے خطرے میں ہیں کامیاب وہ ہیں جو تکبر سے پاک ہیں۔ (حضرت امام غزالی علیہ الرحمۃ)۔

اس جدید دور میں تصوف کے کچھ ماننے والے اور اس کے ناقد بے انتشار اور بے مقصد کج روی اور کچھ عجیب طرح کی عقیدت کا شکار نظر آتے ہیں۔

ہر دو حضرات انسان کی داخلی زندگی کے ذریعہ اس کی خارجی زندگی کی تفہیم کی ضرورت کا ادراک کیے بغیر انسان کی نجات کے مسئلہ کو حل کرنے کی سعی لاحاصل کر رہے ہیں۔

نتیجتاً یہ حضرات تصوف کو گمراہ کن نظریہ اور عمل سے جوڑ دیتے ہیں جس کا تصوف کے عمل و نظریہ سے کوئی ربط اور تعلق نہیں ہوتا۔ مثلاً تصوف رہبانیت ہے، نو افلاطونیت ہے وغیرہ۔ ہمارے پیر صاحب کو یہ مافوق الفطرت قوت حاصل ہے، تصوف جھاڑ پھونک تعویذ گنڈے کا نام ہے وغیرہ۔

در رہ عشق نشد کس بے کس محرم راز
ہر کسے بہر حسب فہم گمانے دارد

چنانچہ ہر دو صورتوں میں ذہن جدید کے ماتحت تصوف کی فکر و عمل اور اس کی مابعد الطبیعات اجنبی بنتی چلی جا رہی ہے۔

بر صغیر پاک و ہند کے معروضی حالات کے تحت یہ بات جاننا ضروری ہے کہ یہاں کی تہذیب

کی بنیاد مابعد الطبیعات پر استوار ہے اور ہمارے مستند سلاسل، بزرگان چشت بالخصوص اور حضرات نقشبندیہ و قادریہ بالعموم اس روایت و تہذیب کے امین و محافظ ہیں۔
اگر کسی بھی مابعد الطبیعاتی فکر نے ان سلاسل کے توسط کے بغیر کسی شخصی اور جہتی، خاندانی اور موروثی بنیادوں پر نفوذ و تطہیر کی کوشش کی تو وہ بے جہت اور لاحاصل ہو گی اور اس کا نتیجہ حاضر و موجود سرمایہ دارانہ نظام کا حصہ بن جانے کا باعث ہو گا اور ہوا بھی یہی ہے۔
دراصل تصوف کے یہ سلاسل وہ مصدقہ مسلمات ہیں جنھوں نے برصغیر کے افراد امت کی تطہیر اور تنظیم کی ساخت و عمل میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ تصوف نے فرد اور معاشرت و ریاست کو اسلامی قلب وروح کے ساتھ جوڑے رکھا۔

این قافلہ عمر عجب می گزرد		دریاب دمی کہ با طرب می گزرد
ساقی غم فردای حریفان چہ خوری		پیش آر پیالہ را کہ شب می گزرد

دراصل تہذیب ایمان و عقائد اور اعمال کا ایک مرکب ہے۔ عقائد اور افکار کی سطح پر اس مرکب کی حیثیت نفس کے اعمال پر مشتمل ہے۔ معاشرتی سطح پر یہ رسوم ورواج کی شکل میں مجسم ہوتی ہے۔ لہذا بنیادی طور پر عقائد و افکار یعنی ایمانیات اور رسوم و رواج میں کوئی دوئی نہیں ہے۔
اگر ان دونوں بنیادوں میں سے کسی ایک سے انکار کر دیا جائے تو ہماری تہذیب میں ایک مجرد خلا آ جائے گا اور نفس امارہ اور اس کے خارجی آلۂ کار احساس و اعمال کی کریہہ صورتوں کو خوب صورتی کے ساتھ دنیا ومافیہا کے ساتھ جوڑ دیں گے۔

سدا کام ہے محبوب مجھ کو تیری الفت سے		شدم بے زار من افضل از این دنیا ومافیہا

ہماری پوری تہذیب میں تصوف اور اس کے سلاسل و اعمال کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ تصوف انسان کے حال و مقام کی نہ صرف تفہیم کرتا ہے بلکہ اس کا عملی مظہر بھی متعین کرتا ہے۔ فرد اور فرد کے درمیان رشتے ہوں یا انسان اور کائنات کے درمیان یا انسان اور خدا کا تعلق ہو ان سب کی واضح اور عملی تفہیم بحسن و خوبی بیان بھی کرتا ہے اور اس کو معاشرتی رسوم ورواج میں مجسم کر کے مختلف سیاقات میں زندگی کا فطری حصہ بھی بناتا ہے۔

ان لم أکن أخلصت فی طاعتک

یا رب فإننی أطمع فی رحمتک

تصوف کے بارے میں یہ تصور بھی غلط ہے کہ صوفیا عملی زندگی سے کنارہ کش ہوتے ہیں۔ یہ کسب حلال کے قائل تھے۔ بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ وسیع کاروبار کے مالک تھے اور اکثر صوفیہ کوئی نہ کوئی پیشہ اختیار کرتے تھے اس کو موجب عزت سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک پیشہ کی توہین کرنا ایک قسم کا کفر ہے۔

قرآن حکیم نے "سیروا فی الأرض" کا حکم دیا۔ حضرات صوفیہ نے ظاہری اور باطنی علم کی تلاش میں اللہ کے اس حکم پر خوب عمل کیا۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ نے ملتان میں پانچ برس قیام کیا اور وہاں رہ کر سنسکرت سیکھی۔ ان بزرگوں نے علاقائی زبانوں کو استعمال کیا اور انہیں وعظ و نصیحت کا ذریعہ بنایا۔

ان حضرات کی زندگی محض کشف و کرامات کے گرد نہیں گھومتی۔ برصغیر کی روحانی تسخیر اور اخلاقی و ایمانی فتح کا بیڑا مشائخ و صوفیا کرام کے سر ہے جہاں تبلیغ دین کے سلسلہ میں جو کامیابی و کامرانی بزرگان دین کو نصیب ہوئی وہ کسی اور کا حصہ نہ بن سکی۔

صوفیہ کے نزدیک تصوف کا مقصد یہ ہے کہ پہلے انسان خود اپنے اندر اخلاقِ حسنہ پیدا کرے اور پھر دوسرے افراد میں اس کی تخم ریزی کرے۔

صوفیہ نے سلوک کو تمام تر مکارم اخلاق پر موقوف کیا ہے بلکہ بعض مشائخ نے تصوف سے اخلاقِ حسنہ ہی مراد لیے ہیں۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء فرماتے ہیں نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کے ساتھ ساتھ مردانِ خدا کے کام کاج میں لگے رہنا کچھ اور ہی معنی رکھتا ہے۔ یہ حال و طور مقامِ عبدیت کے ساتھ خاص ہے۔

اگر علمائے اسلام نے کتابیں لکھی ہیں تو صوفیائے اسلام نے ایسے افراد تیار کیے ہیں جنہوں نے ان کتابوں پر عمل کر کے ایک انقلاب برپا کر دیا۔ صوفیہ نے دماغ کے ساتھ دل کی تربیت و اصلاح کا فرض بھی بحسن وخوبی انجام دیا۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمہ دلیل العارفین میں فرماتے ہیں:

”تصوف علم ہے نہ رسم بلکہ مشائخ علیہ الرحمہ اللہ کا ایک خاص اخلاق ہے۔ صوفی کی حیثیت سے اس اخلاق کی تکمیل یہ ہے کہ فرد اپنے ہر کردار میں شریعت کا پابند ہو۔ جب اس سے کوئی بات خلافِ شریعت سرزد نہیں ہو گی تو وہ دوسرے مقام پر پہنچے گا جس کا نام طریقت ہے۔ جب اس میں ثابت قدم رہے گا تو معرفت کا درجہ حاصل کرے گا اور جب اس میں بھی پختہ ہو جائے گا تو حقیقت کا مرتبہ پائے گا“

گنج بخش فیض عالم مظہر نورِ خدا

کاملاں را پیر کامل کاملاں را رہنما

یعنی فرد جب تصوف کے کسی سلسلہ کے ذریعے ایمانیات کو قبول کرتا ہے تو جو شے اس سے مشروط ہوتی ہے وہ رشتے ہیں۔ انسان اور انسان کا رشتہ (محبت)، انسان اور کائنات کا رشتہ (خلافت)، انسان اور خدا کا رشتہ (عبادت)۔ یعنی ایمانیات خود ایک سطح پر فرد اور دوسری سطح پر گروہ کے ظاہری و باطنی رشتے کا صحیح و راسخ خطوط پر قائم ہونے کا نام ہے۔ اسی وجہ سے اہل تصوف کہتے ہیں کہ کائنات کے پہلے صوفی حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔

یہ رنگ رنگ کی بات نہیں خود کو رنگنے کی بات ہے

بے رنگ کی ذات میں رنگنا قلندروں کی صفات ہے

برصغیر میں حضرات صوفیائے رباط نے ”جہاد بالسیف“ اور ”جہاد باللسان“ کو ایک ساتھ جوڑے رکھا اور مسلمان آبادی کی اس طرح تطہیر کی کہ ان کا ہندومت / ہندو مذہب کی طرف دوبارہ پلٹنا ناممکن بنا دیا۔

انگریزوں کی برصغیر میں آمد کے بعد یہاں کے مسلمانوں کی ایمانیات پر پے در پے اندرونی اور بیرونی فکری اور نظری حملے شروع ہوئے جس کی بنا پر جو مابعد الطبیعات مدارس و مساجد کے بین بین خانقاہی (رباط) نظام کے تحت قائم ہوئی تھی ختم ہوتی چلی گئی۔ خانقاہ پر خانوادے براجمان ہو گئے جن کا بنیادی کام انگریز سرکار کی تنظیم کا کل پرزہ بننا اور ان کی کاسہ لیسی کرنا اور ان کو افرادی طاقت فراہم کرنا تھا۔

آج بھی یہ خانوادے دنیاوی مفاد کے لیے موجودہ جمہوری اور سرمایہ دارانہ نظام کے ساتھ

جڑے ہوئے ہیں۔ ان خانوادوں اور سجادوں نے ایک پراگندہ مابعد الطبیعاتی نظام اپنے دنیاوی مادی فوائد کے لیے قائم کرر کھا ہے۔ لیکن تصوف کی روح ختم اور اسکی حقیقت عنقا ہو گئی ہے۔

معاشرت اور فرد کے ایمان وعقائد کی سطح کے مابین رشتہ کمزور ہوتا گیا اور شعور و معرفت و ادراک حقائق اشیا نفس کے کسی خانۂ خاموش کا حصہ بن گئے۔

چنانچہ ہمارے روزمرہ کے مشاہدہ میں ہے کہ بے شمار جعلی مزار، ڈبہ پیر، ڈھونگی بابے، عجیب وغریب مضحکہ خیز نام والے بابے، نااہل گدی نشین، لمبے غیر شرعی بال، چرس کے سوٹے، افیم کے غٹاغٹ، پھر الجھی الجھی باتیں، موٹی موٹی انگوٹھیاں اور طوطے کی سی آنکھیں بنا کر خود کو ملنگ وصوفی ظاہر کرتے پھرتے ہیں۔ یہ لوگ صرف دولت و اثر ورسوخ کے لیے یہ وضع اختیار کرتے ہیں۔

کون نہیں جانتا معروف سلسلوں کی گدی نشینی کے لیے کیا کیا پاپڑ نہیں بیلے جارہے ہیں۔ باپ اپنی اولاد کو ناجائز کر رہا ہے، وقف کی املاک کس طرح ذاتی تصرف میں لا کر اڑائی جارہی ہیں، مریدوں کو لینڈ کروزر والے سجادہ نشین کس طرح لوٹ رہے ہیں، چندہ کی پیٹی ہتھیانے کے لیے کیا کیا جتن نہیں کیے جارہے ہیں۔ لہٰذا ایسی کارستانیوں سے آنکھیں کھلی رکھیں۔ بدکاری، بدمزاجی، ظلم ولالچ کبھی بھی صوفیوں کا شیوہ نہیں رہا۔ جن پیروں، سجادہ نشینوں کا اپنا قبلہ اور عمل درست نہیں وہ آپ کو کہاں دھکیلیں گے، آپ کا دین وایمان غارت کر کے آپکو کہاں چھوڑ دیں گے؟

دنیا تے جو کم نہ آیا او کھے سوکھے ویلے
اس بے فیض سنگی کولوں بہتر یار اکیلے

دراصل معرفت حاصل کرنا تنہا مجرد نفس کا کام نہیں۔ یہ عمل بنیادی طور پر انسان کامل کے منصب خلافت کا متقاضی ہے اور منصب خلافت حقیقت انسانی کا اصل جوہر ہے۔ اسی وجہ سے محبت، خلافت اور عبادت نوع انسانی کی اصل فطرت ہے۔

فِطۡرَتَ اللّٰهِ الَّتِيۡ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيۡهَا

اسلامی تاریخ میں تصوف کا ظہور ایک معجزہ ہے۔ اس کا پھیلاؤ بجلی کی سرعت سے ہوا۔ تصوف کے اصول و مبادی چٹان کی طرح قائم ہو گئے۔

تصوف کے بنیادی عناصر کا پھیلاؤ ادیانِ عالم کی تاریخ میں اس طرح کہیں نہیں ملتا۔ دراصل تصوف ایک عملی مظہر کا نام ہے۔ تصوف بزم کا نام نہیں بلکہ رزم کا مظہر ہے جس نے عرب اور غیر عرب دنیا کو ایک دوسرے کے لیے قابل و مقبول بنا دیا اور ان مقامی چیزوں کی اسلامیت کے مطابق تشکیل کی جن کی جڑیں خیر القرون کے ساتھ جڑی ہوئی تھیں۔ یہی چیزیں ان سلاسل کا خاصہ ہیں۔

تیری کریمی کے آسرے پر ہم فقیروں کی زندگی ہے
جسے تو نے عروج بخشا اسے خیالِ زوال کیسا

اسلامی معاشرت تصوف کے ارتقا پر مبنی ہے۔ پیغام محبت، معاشرتی روابط، خلافت (بیعت) جہاد، رباط اور عوام کے قلوب پر حکمرانی تصوف کا خاص فیضان ہے۔ اس حرکی اور عملی وجود کا ادراک ایک جاری اور مسلسل سلاسل کی شکل میں، عالم مکان و عمل کی سطح پر، ہماری تاریخ میں ہمیشہ موجود رہا اور شکستہ قلوب کو نئی تازگی عطا کرتا رہا۔

تو خود گفتی در قلب شکستہ خانہ داری
شکستہ قلب من جانا بہ عہد خود وفا کن

تصوف ایک ایسا حرکی اور عملی اصول مرتب کرتا ہے جو انسان کی معاش کو معاد سے منسلک رکھتا ہے۔ یہی اس کا تصور جمال ہے جو اس کو حق سے منسلک رکھتا ہے اور عقل معاش اور عقل معاد کے درمیان توازن قائم رکھتا ہے۔

شراب شوق می نوشم باگرد یار می گردم
سخن مستانہ می گویم ولی ھشیار می گردم

☆☆☆

ٹرمپ کی کامیابی سے اسلامی انقلابی کیا سیکھ سکتے ہیں

جاوید اکبر انصاری

جن مسلم ممالک میں جمہوری عمل راسخ اور مقبول عام ہے وہاں اسلامی انقلابی جدوجہد جمہوری عمل کو نظر انداز نہیں کرسکتی۔ اگر جمہوری عمل کو نظر انداز کیا گیا تو تحفظ دین اور غلبہ دین کی تحریکات لازماً ریاستی تحکم کی ماتحتی قبول کرنے پر مجبور ہو جائے گی۔ لہٰذا رائج شدہ جمہوری عمل کا ادراک مرتب کرنا اسلامی انقلابیوں کے لیے ضروری ہے۔

ٹرمپ کا ۲۰۲۴ء میں دوبارہ انتخاب اس سال کے اہم ترین جمہوری واقعات میں شامل ہے۔ پہلے اس مضمون میں میں اس واقعے کا ایک اسلامی انقلابی نقد مرتب کرنے کی کوشش کروں گا۔ پہلے سرمایہ دارانہ حاکمیتی نظام میں جمہوری عمل کی نوعیت کا تجزیہ پیش کیا جائے گا، پھر ٹرمپ کی کامیابی کے وجوہ بیان کی جائیں گی اور آخر میں جمہوری عمل کے اس اظہار سے جو سبق اسلامی انقلابی حاصل کرسکتے ہیں ان پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی جائے گی۔

سرمایہ کی حاکمیت اور جمہوری عمل

سرمایہ (حرص وحسد کی تجسیم) کی اصل قوت اس کی ریاست (نظام حکم) ہے۔ سرمایہ دارانہ تاریخ میں ہر جگہ پہلے سرمایہ دارانہ ریاست قائم ہوئی پھر سرمایہ دارانہ معاشرت وجود میں آئی۔ ہر جگہ سرمایہ دارانہ ریاست نے حرص وحسد کو نظاماتی غلبہ دلا کر معاشرہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ حرص اور حسد کی پرورش کا اصل مقام نفس انسانی ہے۔ معاشرہ کی سرمایہ کاری کے لیے ضروری ہے کہ اس میں پائے جانے والے افراد حریص اور حاسد ہوتے چلے جائیں۔

جمہوری عمل (democratic process) افراد کو حریص اور حاسد بنانے کا کامیاب ترین طریقہ ہے۔ کلیدی جمہوری اقدار آزادی اور مساوات ہیں۔ آزادی بندگی کا رد ہے اور مساوات رہنمائی کی ضرورت کا کارد ہے۔ ایک آزاد اور مساوی فرد خود مختار ہوتا ہے۔ جمہوری

عمل کے ذریعہ نہ صرف autonomy یعنی خود مختاری کا اظہار ہوتا ہے بلکہ اس عمل کے ذریعہ لوگوں کو خود مختار بنایا جاتا ہے جس کی عملی صورت اپنے آپ کو حرص وحسد کے شیطان کے حوالے کرنے سے ہوتا ہے۔

افراد کے جسم (محنت) پر قبضہ کیے بغیر حرص وحسد کی تجسیم یعنی سرمایہ دولت پر قبضہ نہیں کر سکتا۔ لہٰذا جمہوری عمل کا جاری رکھنا ہر سرمایہ دارانہ نظم قوت (ریاست) کا فرض ہے اور یہ فرض تمام سرمایہ دارانہ ریاستیں ادا کرتی رہتی ہیں۔ لبرل، اشتراکی، قوم پرست، سوشل ڈیموکریٹ، سب سرمایہ دارانہ ریاستیں ان معنوں میں جمہوری ہوتی ہیں کہ ان کے اقتدار کی بنیاد عوامی تائید کے تسلسل پر ہی قائم ہوتی ہے۔ جمہوری ریاستوں میں عوام حکومت نہیں کرتے۔ وہ محض حکومت کرنے والوں کی پالیسیوں کی تائید کرتے ہیں لیکن جمہوری عمل ان کو یہ دھوکا دیتا رہتا ہے کہ حکومت کرنے والے ان کے مفادات کو فروغ دے رہے ہیں اور کم از کم اصولاً ان کے تابع ہیں۔

سرمایہ دارانہ ریاستی پالیسیاں اختلافی ہوتی ہیں۔ اس کے باوجود کہ ان سب کا مقصد معاشرتی سطح پر حرص اور حسد کا فروغ ہوتا ہے سوشل ڈیموکریٹک پالیسیاں اشتراکی پالیسیوں سے اور اشتراکی پالیسیاں لبرل پالیسیوں سے مختلف ہوتی ہیں۔ مثلاً حرص اور حسد کا سوشل ڈیموکریٹک طریقہ اور عملیت لبرل انفرادیت پرستی کے طریقہ سے مختلف ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سرمایہ دارانہ عقلیت جاہلیت خالصہ ہے اور کبھی بھی سرمایہ (حرص وحسد) کی لامتناہی بڑھوتری کا کوئی واحد صحیح طریقہ متعین نہیں کر پاتی۔ لہٰذا عوام کے لیے دائرہ انتخاب ہمیشہ وسیع رہتا ہے۔ وہ کبھی لبرل پالیسیوں کی تائید کر سکتے ہیں کبھی سوشل ڈیموکریٹک پالیسیوں کی، کبھی ان میں ایک قسم کے امتزاج کی، کبھی دوسرے قسم کے امتزاج کی۔

پھر سرمایہ دارانہ ریاستوں میں اقتدار ادارتی طور پر منقسم بھی ہوتا ہے۔ اس نظام کے غیر نمائندہ ادارے (عدلیہ، نوکر شاہی، کارپوریشن، میڈیا) عموماً عوامی نمائندہ ادارے (مقننہ) پر غالب رہتے ہیں لیکن تغلب کا یہ رجحان یکساں نہیں رہتا۔ کبھی مقننہ کا نظاماتی غلبہ بڑھ جاتا

ہے، کبھی بیوروکریسی کا کبھی فوج کا کبھی کارپوریشنوں کا۔ اس قسم کے ادارتی متفاوت تسلط کا توازن بھی عوامی تائید کی فراہمی پر منحصر ہوتا ہے۔

اب میں اس نظریاتی تناظر میں ٹرمپ کی کامیابی کے عوامل کا تجزیہ مرتب کرنے کی کوشش کروں گا۔

ٹرمپ کی کامیابی کے بنیادی اسباب

ٹرمپ ایک نہایت غلیظ اور خبیث شخص ہے۔ عادی زانی اور پشتینی جواری ہے۔ دھوکہ دہی کے ۳۲ الزامات اس پر ثابت کیے جاچکے ہیں۔ جھوٹ بولنا اور الزام تراشی اس کی فطرت ہے۔ کٹر نسل پرست ہے۔ گالیاں بکتا رہتا ہے اور اتنے ہی درجہ کا حاسد ہے۔ غضب اور نفرت اس کے جذبات محرکہ ہیں۔ خودغرضی اس کی فطرت ہے۔ فحش کلامی میں اپنی مثال آپ ہے۔

یہ تمام صفات اس کی عوامی مقبولیت کا سبب ہیں کیونکہ امریکی عوام کی غالب اکثریت انہی صفات کی حامل ہے۔ امریکی عوام میں زنا، لواطت، دغابازی، فحش گوئی اور دھوکہ دہی ایک وبا کی طرح پھیل رہی ہیں۔ وحشت اور درندگی ان کی قومی اور معاشرتی ثقافت بن گئی ہے۔ ان کے آباو اجداد نے ۸ ملین ریڈ انڈینوں کو قتل کیا اور دوسری جنگ عظیم کے خاتمہ سے لے کر ۲۰۲۳ تک دنیا بھر میں کم از کم ۱۷ ملین بے گناہ لوگوں کو قتل کر چکا ہے اور آج بھی ان کی حمایت کے زور پر فلسطین، لبنان اور شام میں قتل عام جاری ہے۔ امریکا کی آبادی کے ۳۷ فیصد افراد شیزوفرینیا کے مریض ہیں اور نفرت اور غضب ان کی وجودی کیفیات ہیں۔ امام خمینیؒ نے بجا فرمایا "ہر امریکی شیطان بزرگ ہے"۔

امریکا میں عیسائیت کو سرمایہ دارانہ وحشت میں مکمل طور پر سمو دیا گیا ہے۔ ریڈ انڈینوں کے قتل عام کی عیسائی توجیہ پادریوں نے مرتب کی اور آج امریکی عالمی دہشت گردی کا قومی جواز امریکا میں مرتب کیا جارہا ہے۔ اس کی بنیاد عیسائی تعصبات ہی فراہم کرتے ہیں۔ عیسائی ایونجلیکل سامراجیت اور صہیونیت کے فطری حلیف ہیں۔

ٹرمپ امریکی عوام کی غالب اکثریت کا جائز نمایندہ ہے۔ اس کی خباثت اور درندگی عوامی وحشت اور درندگی کا درست اظہار ہیں۔ وہ اگر زانی، جواری، دغاباز اور فریب کار ہے تو ایک عام امریکی بھی زانی، فحش نواز، مکار، جھوٹا اور دروغ گو ہے۔ ٹرمپ کو عیسائی امریکی حلقوں کی بھرپور تائید حاصل ہوئی ہے کیونکہ امریکی عیسائیت وحشی دہریت میں مکمل طور پر ضم ہو گئی ہے۔ امریکی جمہوریت دنیا کا کرپٹ ترین، غلیظ ترین اور سب سے گھناؤنا طرزِ حکمرانی ہے۔ اس عمل سے جو نتیجہ ۲۰۲۴ء کے انتخاب میں ظاہر ہوا ہے وہ امریکی معاشرتی غلاظت کی صحیح عکاسی اور ترجمانی کرتا ہے۔

ٹرمپ کی مجوزہ پالیسیاں امریکی عوام کی امنگوں سے ہم آہنگ ہیں۔ وہ لاکھوں بیرونی آباد کاروں کو امریکا سے نکال دے گا اور سیاہ فام اور لاطینی امریکی باشندوں کی زندگی حرام کر دے گا۔ یہ امریکی اکثریت کی خواہشات کے عین مطابق ہے کیونکہ وہ نفرت اور غضب سے بھرے ہوتے ہیں اور انہیں اس بات کی تشویش ہے کہ آیندہ ۱۵ سال میں (۲۰۴۰ء تک) سفید فام امریکی اقلیت میں تبدیل ہو جائیں گے۔ وہ خواہش رکھنے کے باوجود ان غیر سفید فام امریکیوں کا قتل عام تو نہیں کر سکتے جیسا کہ ان کے آباو اجداد نے ریڈ انڈینوں کو کیا تھا لیکن ان کا جینا دوبھر تو کر سکتے ہیں اور ٹرمپ یہی کر رہا ہے۔

ٹرمپ نے وعدہ کیا ہے کہ وہ نوکر شاہی اور عدلیہ کے تحکمی اختیارات میں تخفیف کرے گا۔ یہ بھی عام امریکی کی خواہشات کے مطابق ہے جس کو اس بات کا احساس ہے کہ وہ سرمایہ دارانہ ظلم کا شکار ہے اور جو حقوق اور آزادیاں لبرل دستوری نظام فراہم کرتا ہے وہ غضب اور نفرت سے مغلوب عوام کی نظاماتی بالادستی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہیں۔ لہٰذا وہ اس نظم قانونی تحفظ کو توڑ کر اپنی نسلی بالادستی کو برقرار رکھنا اور فروغ دینا چاہتا ہے۔ یہ ایسا فاشسٹ طریقہ کار ہے جو نسلی برتری کو قائم رکھنے کے لیے اختیار کیا جاتا رہا ہے۔ فسطائیت (فاشسٹ) بھی سرمایہ دارانہ تحکم کو رائج رکھنے کا ایک معتبر طریقہ ہے جو سرمایہ دارانہ آبادیوں کو سٹیزن اور غیر سیٹیزن کے علاقوں میں منقسم کر کے سرمایہ دارانہ نظم برقرار رکھتا ہے۔

ٹرمپ کی سامراجیت بھی امریکی عوام کی امنگوں سے ہم آہنگ ہے۔ ایک طرف تو وہ غیر ملکی بر آمدات پر بے تحاشا محصول عائد کرنے کا حامی ہے اور ٹیکنالوجی کی بیرون ملک ترسیل پر تزویراتی پابندیاں عاید کرے گا تاکہ معاشی پالیسی ملکی خود غرضیت کو فروغ دے۔ دوسری جانب وہ ناقابل تنتیج جنگوں میں امریکی مداخلت کم کرنے کا دعویٰ کر رہا ہے اور کوشش کرے گا کہ امریکی دفاعی بوجھ کو امریکی حلیف ملکوں کی طرف منتقل کر دے۔ وہ امریکا کے نیوکلیئر پروگرام اور اس کی دنیا بھر میں ۹۰۰ کے قریب قائم شدہ اڈوں میں تخفیف کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا اور امریکی عوام کی بڑی اکثریت امریکا کی عالمی سامراجی بالادستی قائم رکھنے کی حامی ہے۔

یہ تمام اقدامات لبرل سرمایہ دارانہ نظام کو بتدریج فاشسٹ سرمایہ دارانہ نظام میں ڈھالنے کے مترادف تجاویز ہیں اور اس نظاماتی ترتیب نو کی حمایت امریکی عوام کی اکثریت نے کر دی ہے (۲۰۲۴ء کے انتخابات میں)۔ اس تبدیلی کی حمایت سرمایہ دارانہ طبقہ بالخصوص ملٹی نیشنلز نے بھی کر دی ہے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ فاشزم یا نیو فاشزم سرمایہ دارانہ نظامات تحکم کی ترتیب نو کا طریقہ ہے۔ سرمایہ دارانہ نظم تحکم سے مراجعت کا طریقہ نہیں۔ امریکی عوام اور امریکی خواص سرمایہ دارانہ طرزِ حیات اور نظم اقتدار کے تغلب کے حمایتی ہیں۔

اسلامی انقلابیوں کے لیے اسباق

کیا ٹرمپ کے ریاستی اقتدار کو ایک سرمایہ دارانہ اندرونی انقلاب کہا جا سکتا ہے۔ اندرونی انقلاب سے مراد ایسے انقلابات ہیں جو تحکمی اداراتی ترتیب نو کرنے کے باوجود سرمایہ دارانہ تعقل کو معاشرۃً معطل نہ کر دیں۔ اس کی سب سے کامیاب مثال وہ انقلابات ہیں جو ۱۹۸۹ء سے ۱۹۹۱ء تک مشرقی یورپ میں آتے رہے اور جن کے نتیجہ میں اشتراکی سرمایہ دارانہ نظام تحکم لبرل نظام تحکم میں تبدیل ہو گیا۔ ان انقلابات کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ انکے نظاماتی تغلبی عمل کو قائم کرنے کے لئے رائج ریاستی غالب اداروں کا سہارا نہیں لیا گیا تھا۔

اس کے برعکس اکیسویں صدی میں جو اندرونی سرمایہ دارانہ انقلابات لاطینی امریکا میں (لبرل

نظام کو سوشل ڈیموکریٹک نظام میں تبدیل کرنے کے لیے) اور بھارت میں (لبرل نظام کو نیو فاشسٹ نظام میں تبدیل کرنے کے لیے) لانے کی کوشش کی گئی وہ لبرل مقتدر اداروں کے توسط سے ہی برپا کیے گئے اور اب تک کے بھارت، وینزویلا، بولیویا وغیرہ کے تجربات سے یہ انقلابات کامیاب ہوتے نظر نہیں آتے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ٹرمپ لبرل اقتداری نظام کی تحلیل میں کامیاب ہو جائے گا یا لبرل ریاستی اور معاشرتی قوتیں اس کے اقدام کو ناکام بنا دیں گی۔ اس سوال کا کوئی حتمی جواب اصولاً مرتب نہیں کیا جا سکتا۔

ہم اسلامی انقلابی ہیں۔ ہم سرمایہ دارانہ نظام کی اصلاح نہیں اس کے انہدام کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ اس جدوجہد کی کامیابی اس پر منحصر ہے کہ فرد، معاشرہ اور ریاست تینوں سطحوں پر حرص اور حسد کو بحیثیت غالب قوت محرکہ کے رد کیا جائے۔ ہمیں اس بات کا ادراک ہے کہ جب تک حرص اور حسد (سرمایہ) کا ریاستی سطح پر غلبہ قائم ہے، انفرادی اور معاشرتی اقداری تغیر کا عمل لازماً محدود رہے گا۔ لہٰذا ہمارا سیاسی عمل کا مقصد ان حدود کو پیچھے دھکیلتے رہنا ہے جو حرص اور ہوس کی عمل داری نے قائم کر رکھی ہیں۔

ہم جمہوری عمل کو معاشرتی اور ریاستی جمہوری نظام کی تسخیر کے لیے استعمال کریں گے۔ ایک طرف تو ہم معاشرتی سطح پر ایسی اداراتی صف بندی کریں گے جو مخلصین دین کو بااقتدار بنا دے۔ یہ ریاست درون ریاست بنانے کی حکمت عملی ہے۔ جو غیر ریاستی ادارے معاشرتی سطح پر قائم کریں گے ان میں مخلصین دین علمائے کرام اور ائمہ مساجد کی قیادت میں حرص اور حسد کی تعقلی علیت کو رد کریں گے۔ یہ غیر جمہوری ادارے ہوں گے جہاں فیصلہ سازی کا عمل عوام کی رائے کے تابع نہ ہو گا بلکہ تمام فیصلے شرع مطہرہ اور علوم اسلامیہ کی روشنی میں کیے جائیں گے۔ یوں مخلصین دین کی معاشرتی بالادستی قائم کی جائے گی اور معاشرہ کو بتدریج غیر جمہوری خطوط پر منظم کیا جائے گا۔

۱۹۹۰ء کی دہائی میں اسپین اور یونان میں اکیسویں صدی میں وینزویلا میں بھی معاشرتی سطح پر عوامی اقتداری ادارے قائم کیے گئے تھے۔ لیکن یہ جمہوری ادارے تھے اور ان کا مقصد عوام

کے سرمایہ دارانہ حقوق کا فروغ تھا لہٰذا یہ ادارے سرمایہ دارانہ ریاستی نظام میں ضم ہوتے چلے گئے۔ جو ادارے اسلامی انقلابی قائم کریں گے وہ غیر جمہوری ادارے ہوں گے اور سرمایہ دارانہ ریاستی نظام میں ان اداروں کے انضمام کو دانستاً رد کیا جائے گا۔

دوسری جانب ہم انتخابات کے ذریعے ریاستی جمہوری عمل میں شرکت جاری رکھیں گے لیکن اس شرکت کا مقصد سرمایہ دارانہ ریاستی نظام میں شمولیت نہ ہو گا بلکہ شمولیت کے دو مقاصد ہوں گے۔ ایک جمہوری دستوری عمل کے ذریعے اسلامی معاشرتی تحکمی اداروں کے دائرہ اختیار کی توسیع اور حفاظت، دوسرا سامراج مخالفت۔ ہم بین الاقوامی اداروں اور مارکیٹوں میں مسلم ملکوں کی شراکت کی مخالفت کریں گے اور IMF, WTO, FATF, WIPO وغیرہ سے کیے گئے معاہدات کی منسوخی کی وکالت کریں گے تاکہ ہماری عوامی مزاحمت امریکا سے تمام تعلقات سفارتی، تجارتی، دفاعی، منقطع کرنے پر مرکوز ہو سکے۔

امریکا کرہ ارض پر اسلام کا سب سے بڑا دشمن ہے۔ اس وقت وہ عرب دنیا میں اسلام کو کچلنے کی جنگ لڑ رہا ہے۔ ٹرمپ نے اپنی انتخابی مہم میں اس علاقے میں امن قائم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ ٹرمپ کی اسرائیل نوازی مشہور ہے۔ وہ کوشش کرے گا کہ صلح اس بنیاد پر ہو کہ اسرائیل مکمل طور پر کامیاب ہو جائے اور حماس اور حزب اللہ کے مجاہدین ہتھیار ڈال کر اپنی تحلیل پر راضی ہو جائیں۔ اس سلسلہ میں وہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، ترکی اور اردن کو اپنے آلہ کار کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کرے گا۔ نومبر ۲۰۲۴ء میں عرب لیگ اور او آئی سی کے اجلاس نے جو اعلامیہ جاری کیا اس سے واضح ہوتا ہے کہ ایران کے علاوہ افغانستان نے اس اجلاس میں شرکت نہیں کی، کوئی بھی مسلم ملک اسرائیل کے خلاف عملی اقدام کرنے کا حمایتی نہیں۔ لہٰذا یہ غالب گمان ہے کہ سعودی عرب، عرب امارات، قطر اور ترکی وغیرہ امریکا کی ایما پر حزب اللہ اور حماس کو پسپائی قبول کرنے پر آمادہ کرنے کی کوشش کریں۔

جب کہ حقیقت یہ ہے کہ حماس اور حزب اللہ یہ جنگ جیت رہے ہیں۔ ایک سال کی دہشت

گردی کے باوجود اسرائیل نہ حماس کو غزہ سے بے دخل کر سکا نہ حزب اللہ کو جنوبی لبنان سے۔ لبنان اور شام پر اسرائیل مستقل جاری رہنے والے فضائی حملے اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ ان علاقوں میں مستحکم زمینی کامیابیاں حاصل نہیں کر سکا۔ مقبوضہ مغربی ساحلی خطہ اور تل ابیب تک میں مجاہدین اسلام فدائی حملے کر رہے ہیں اور ان کی مزاحمت ایک طویل المدت گرویلا جنگ میں تبدیل ہوتی جارہی ہے۔ ساؤتھ افریقہ میں سفید فام نسل پرستوں کو شکست دینے میں تقریباً سو سال لگے تھے۔ جہاد فلسطین بھی کئی دہائیوں تک جاری رہے گا اور آخر کار فتح ان شاء اللہ حماس اور حزب اللہ کے مجاہدین کو حاصل ہو گی اور صہیونیت کی نحوست سے ان شاء اللہ ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔ امریکا ذلیل ہو کر مشرق وسطیٰ سے پٹے ہوئے کتے کی طرح فرار ہونے پر مجبور ہو جائے گا جیسا کہ ۲۰۲۱ء میں افغانستان سے فرار ہوا تھا۔

اس لیے ضروری ہے کہ ٹرمپ کی متوقع مصالحت کو ناکام بنایا جائے اور عرب ممالک کو اس مصالحت میں شرکت سے باز رکھ کر حماس اور حزب اللہ کے جہاد کو تسلیم کرنے اور اسرائیل سے تمام سفارتی اور تجارتی تعلقات منقطع کرنے پر آمادہ کیا جائے۔

☆☆☆

شام میں تبدیلی سے متعلق چند سوالات

سرکل اسٹیٹمنٹ

پس منظر

پچھلی کئی دہائیوں سے شام میں بعث پارٹی کی آمریت قائم تھی۔ ۲۰۱۱ میں اس آمریت کے خلاف جو مزاحمت ابھری اس میں کئی نظریاتی رجحانات اور قوتیں شامل تھیں۔ لبرل، علاقائی، قوم پرست (کرد)، سرمایہ کار، اسلامی۔ بالعموم ان باغی قوتوں کا ساتھ امریکا اور فرانس نے دیا اور ان کی مخالفت ایران، روس اور حزب اللہ نے کی۔ ۲۰۱۳ تک بغاوتی جدوجہد عسکری مزاحمت کی شکل اختیار کر گئی۔ لبرل قوتیں پس پشت چلی گئیں۔ سرمایہ کاروں نے بعث پارٹی سے سمجھوتا کر لیا۔ عسکری جدوجہد کردوں اور اسلامی مجاہدین نے جاری رکھی۔ کردوں کو امریکا کی حمایت حاصل ہے۔ جہادی قوتوں کو ترکی کی حمایت حاصل رہی۔ ہم یہ نہیں جانتے کہ امریکا نے جہادی قوتوں کے بارے میں کیا رویہ اختیار کیا۔ ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ جہادی قوتوں کے بارے میں اخوان (جو بڑے پیمانے پر شام میں موجود ہیں اور جنہوں نے ماضی میں شام میں حکومت بھی کی ہے) کا کیا رویہ ہے۔

آج کی صورت حال

جہادی قوتیں عسکری جدوجہد میں کامیاب ہو گئیں اور عسکریوں کو بھی اپنے علاقوں میں جزوی فتح حاصل ہو گئی ہے۔ ہمیں نہیں معلوم کہ بعثی فوج کی آناًفاناً پسپائی کا سبب کیا بنا۔ شامی فوج کی پسپائی کا بہت بڑا فائدہ اسرائیل کو ہوا جس نے گولان کے شامی علاقے پر قبضہ کر لیا ہے اور شامی جنگی تنصیبات کو تباہ کر رہا ہے۔ ہم نہیں جانتے کہ آیا وہ جہاد فلسطین کی علاقائی توسیع کا ارادہ رکھتا ہے۔ ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ بعثی فوج کی پسپائی میں امریکا نے کیا کردار ادا کیا

اور اس کے جہادی قوتوں سے تعلقات کی نوعیت کیا ہے۔ کیا مجاہدین کو امریکی مواصلاتی نظام (communication System) نے جنگی اطلاعات فراہم کیں یا نہیں، ہم نہیں جانتے۔

حزب اللہ اور اسلامی جمہوریہ ایران ۲۰۱۱ سے بعثی حکومت کے حمایتی اور حلیف رہے ہیں۔ یہ واضح ہے کہ یہ حمایت مسلکیت کی بنیاد پر نہیں کیونکہ بعثی حکومت کوئی شیعہ حکومت نہیں ہے۔ وہ ایک قوم پرست سے نیولبرل حکومت رہی ہے جس کا غالب دھڑا علوی ہے۔ علوی حضرت علی کو خدا کا اوتار مانتے ہیں اور ایران کے حاکم اثنا عشری علماء علویوں کو برملا کافر گمراہ کہتے ہیں۔ علویوں کی تعداد شامی ملکی آبادی کا ایک فیصد سے بھی کم ہے۔

بعث کی حمایت جو ایران اور حزب اللہ کرتے رہے ہیں اس کی وجہ ان جماعتوں کی سامراج مخالفت ہے۔ سامراج مخالفت کی بنیاد پر ایران اور حزب اللہ سنی فلسطینیوں کے سب سے موثر دو حلیف رہے ہیں جبکہ مزعومہ سنی ریاستوں (سعودی عرب، عرب امارات، مراکش، ترکی) نے فلسطینیوں کی عسکری امداد نہ کی بلکہ ترکی کے علاوہ ہر ملک حماس کو عموماً دہشت گرد قرار دیتا ہے اور وہ فلسطین میں دو ریاستی مصالحت کے قائل ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ سنی / شیعہ اختلافات مسلم ممالک کی باہمی کشمکش میں کوئی کردار ادا نہیں کر رہے۔ یہ محض سامراجی پروپیگنڈا ہے۔

آج عالمی قوتیں شام میں اپنے مفادات کو فروغ دینے کی کوشش کر رہی ہیں۔ امریکا اور یورپی یونین وہاں ایک دستوری جمہوری حکومت کے قیام کے خواہاں ہیں جو اسرائیل کو تسلیم کر لے۔ روس اپنے قائم شدہ فوجی اڈوں کی حفاظت کر رہا ہے۔ ایران اور حزب اللہ نے HTS کی قیادت سے مصالحت پر آمادگی کا اظہار کیا ہے۔ حزب اللہ نے HTS سے کہا ہے کہ وہ جہاد فلسطین سے سبک دوشی نہ اختیار کرے۔ چین عرب خطے میں خاموش ہے اور امریکی پیش رفت کو برداشت کر رہا ہے۔ وہ صرف بحرالکاہل میں امریکی جارحیت کا مقابلہ کرتا رہے گا۔

مستقبل

دو سوال اہم ہیں۔

ا۔ شام میں پہلا سوال یہ ہے کہ شام میں کیسی حکومت قائم ہو گی۔ اگر جمہوری دستوری حکومت قائم ہوئی تو اس کا امکان غالب ہے کہ مغربی سامراجی قوتیں غالب آ جائیں گی اور اسرائیل سے مصالحت کی راہ ہموار ہو جائے گی (شام سعودی عرب، بحرین اور امارات اور مراکش کے کیمپ میں داخل ہو جائے گا)۔ لیکن یہ ضروری نہیں۔ ایران میں بھی انقلاب اسلامی کے قیام کے بعد ایک جمہوری حکومت قائم ہوئی تھی جس میں لبرل اور قوم پرست بھی شامل تھے۔ لیکن جمہوری، دستوری ساختی ڈھانچہ کو محفوظ رکھتے ہوئے بالآخر علمائے اسلام غالب آ گئے اور سامراج مخالفت جاری رہی ہے۔ کیا HTS کے پاس امام خمینی جیسا کوئی رہنما موجود ہے؟ کیا علماء اور شرع مطہرہ کے تغلب کی ضرورت کا احساس شامی جہادی قوتوں کے پاس موجود ہے؟ کیا وہ اس نوعیت کی جدوجہد کو جاری رکھنے کی استعداد رکھتی ہیں جو علمائے ایران نے ۱۹۷۹ سے ۱۹۸۳ کے دور میں جاری رکھی تھی۔ انہیں فوج سے مصالحت کی ضرورت نہیں جیسا کہ ۲۰۱۲ میں امام مرسی کو تھی لیکن کیا وہ دہریہ سامراجی قوتوں کو بے دخل کر سکیں گے، ہم نہیں جانتے۔

دوسرا سوال شام کی فوجی استعداد کا ہے۔ اسرائیل اس پر آج براہ راست حملہ آور ہے اور ایک جہادی اسلامی حکومت کے قیام کی صورت میں یہ حملہ شدید ہونے کا امکان ہے۔ HTS کے قائد نے اپنے ایک حالیہ بیان میں فرمایا ہے "طویل مزاحمت کے دوران ہم بے حال ہو گئے ہیں اور کشمکش کو جاری رکھنے کے قابل نہیں رہے"۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ HTS کی قیادت جہاد فلسطین کی حمایت کرنے سے اپنے آپ کو معذور پاتی ہے۔ کیا ایسا ہے؟ ہم نہیں جانتے اور یہ بھی نہیں جانتے کہ اس معذوری کو ختم کرنے کا کوئی ارادہ HTS رکھتی ہے یا نہیں۔ کیا وہ اسرائیلی امریکی تغلب کو قبول کرنا ایک وقتی ضرورت سمجھتی ہے یا اس کو دائمی حقیقت تصور کرتی ہے؟ ان سوالات کے جو جوابات مرتب ہوں گے اس سے یہ بات

طے ہو گی کہ شامی اقدام کا فلسطینی جہاد میں کیا کردار مرتب ہو گا۔

ہمارا روایہ

دو باتیں اہم ہیں۔ ایک ہمیں کسی اسلامی گروہ کی نیت پر شبہ کر کے سامراجی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بننا چاہیے۔ ہم تمام اسلامی گروہوں کو مخلص سمجھتے ہیں۔ ایران کو بھی، حزب اللہ کو بھی، HTS کو بھی اور اس کے معاونین کو بھی، اخوان المسلمون کو بھی۔ ہم عرب دنیا میں جاری کشمکش کو شیعہ سنی تنازعہ نہیں سمجھتے بلکہ اسلام اور سامراج کی کشمکش تصور کرتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہم حقیقت پسند ہیں۔ تصوراتی (Idealistic) نہیں ہیں۔ ہم مثالیاتی خاکے (Realistic) مرتب نہیں کرتے۔ ہم تمام اسلامی گروہوں کی زمانی / مقامی مجبوریوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ جو بھی اسلامی ریاست دور حاضر میں قائم ہو گی سامراج سے گھری ہوئی ایک غیر معمولی ریاست ہو گی جس کے عمل کو مثالیاتی پیمانوں پر جانچنا حقیقت کے خلاف ہے۔ آرزو تو یہ ہے کہ شام میں افغانستان کی طرح ایک جہادی یا ایران کی طرح ایک اسلامی جمہوری ریاست قائم ہو۔ لیکن کیا شام کے زمینی اور امکانی حالات اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ وہاں آج اس قسم کی ریاست قائم ہو؟ یا کیا شام میں آج ایک دہریہ یا غیر دہریہ ریاست کا قیام ناگزیر ہے جس میں تحفظ دین اور غلبہ دین کی جدوجہد جاری رکھنے کے امکانات بہر صورت بعث پارٹی کی آمریت کے مقابلہ میں زیادہ ہوں گے؟ ہم یہ سب کچھ نہیں جانتے، لہٰذا ان پر کسی قسم کا حکم بھی نہیں لگاتے اور تمام اسلامی حلقوں کے لیے دعا گو ہیں۔

☆☆☆

ہیئت تحریر الشام (HTS) کی شام میں کامیابیاں اور ان کے اثرات

سید محمد یونس قادری

اس مضمون کی نوعیت ابتدائی اور اکتشافی ہے۔ اور اس لحاظ سے یہ ایک اہم پہلی کوشش ہے۔ لیکن اس مضمون میں بعض مقامات پر شیعہ مسلمانوں، حزب اللہ اور ایران کے بارے میں غیر ہمدردانہ رویہ اختیار کیا گیا ہے جس سے مدیر کو اتفاق نہیں ہے۔ بحیثیت اسلامی انقلابی ہماری بنیادی ہمدردی قائم اسلامی ریاستوں (یعنی اسلامی ایران و امارت اسلامیہ افغانستان) سے ہونی چاہیے نہ کہ سنیت یا شیعت سے۔ مسلمانوں کے درمیان آپس کی نفرتوں کو کم کرنا اور اتحاد امت اسلامی انقلابیوں کا بنیادی ہدف ہے۔(مدیر)

ہیئت تحریر الشام (HTS) ایک اسلامی سیاسی اور عسکری گروہ ہے جس نے بنیادی طور پر شام پر فتح حاصل کر کے دنیا کو اپنی طرف متوجہ کر لیا۔ HTS کی قیادت تاریخی طور پر شامی اور غیر ملکی اسلام پسندوں پر مشتمل تھی، جن کے روابط داعش اور القاعدہ سے تھے۔ تاہم، گروہ کی موجودہ شناخت زیادہ تر شامی اسلامی ہے جو اس کی حکمت عملی کے مقاصد میں ایک عملی تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔ HTS نے خود کو ایک سابقہ بین الاقوامی سلفی جہادی گروہ کے بجائے مقامی اسلامی گروہ کے طور پر دوبارہ متعارف کرایا ہے جو بعض اوقات دوسرے اسلامی انقلابی گروہوں جیسے داعش اور القاعدہ سے وابستہ حراس الدین کو نشانہ بناتا ہے اور ان سے جھڑپیں کرتا ہے۔ اس تبدیلی کے ساتھ، اس نے زیادہ معتدل عوامی تصویر پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ تحریر الشام کسی بھی فرقہ وارانہ گروہ سے متصادم نظر نہیں آتا۔ ابھی تک اس نے جس علاقے کو فتح کیا ہے وہاں داعش کے بر خلاف اس نے نہ کسی گروہ کو نشانہ بنایا نہ ان کی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ ایران سے اس کی عرب اسلامی قوم پرستی کی بنیاد پر سیاسی مخالفت ہے اور لگتا ہے کہ ایران اگر ان کے مفتوحہ علاقوں میں عسکری کاروائیوں

سے باز رہا تو ایران سے اس کے تصادم کا امکان نہیں ہے۔

تحریر الشام (HTS) کے رہنما ابو محمد الجولانی ہیں، جن کا اصل نام احمد حسین الشرع ہے۔ وہ اس گروہ کی تشکیل سے ہی اس کی قیادت کر رہے ہیں اور اس سے پہلے شام میں القاعدہ کی سابقہ شاخ، جبھۃ النصرہ کے رہنمارہ چکے ہیں۔ ان کی قیادت میں HTS نے نمایاں تبدیلیاں کی ہیں، جن میں القاعدہ سے اپنے تعلق کو ختم کرنا اور خود کو ایک مقامی اسلامی گروہ کے طور پر پیش کرنا شامل ہے تاکہ شام میں وسیع حمایت اور قانونی حیثیت حاصل کی جاسکے۔

ترکی، سعودی عرب، امریکا، ایران اور روس کے شام کے موجودہ حالات میں کردار اور اثرات:

ترکی

HTS اور ترکی کے تعلقات پیچیدہ اور عملی نوعیت کے ہیں۔ HTS کے شام پر قبضہ میں ترکی کے کردار کو اہم قرار دیا جارہا ہے، جو ترکی کے مفادات کے لیے اہم ہے۔ ترکی شام میں دیگر اپوزیشن گروہوں کے ساتھ تعاون کرتا ہے اور ادلب میں جنگ بندی کے معاہدوں کو نافذ کرنے کے لیے فوجی موجودگی بھی رکھتا ہے۔ HTS ترکی کی موجودگی کو کسی حد تک قبول کرتی ہے کیونکہ اپنے تئیں یہ اسے شامی حکومت اور روسی اثرورسوخ کے خلاف ایک توازن کے طور پر دیکھتی ہے۔ تجزیہ نگاروں کی رائے ہے کہ تحریر الشام کی حالیہ کامیابیوں کے پیچھے امریکہ اور ترکی کا ہاتھ ہے۔ ہیئت تحریر الشام اور ترکی کی پشت پناہ سیرین نیشنل آرمی (SNA) کی کاوش اور کوششوں سے حلب اور حماۃ کا قبضہ ممکن ہوا ہے۔ ترکی HTS پر اثر و رسوخ برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے جس کا مقصد شام کی کرد ملیشیا (YPG) کو کمزور کرنا اور اپنی سرحدوں کے قریب ایک محفوظ بفر زون قائم کرنا ہے، جس میں وہ کافی حد تک کامیاب ہو چکا ہے۔

سعودی عرب

سعودی عرب نے شام کے تنازع میں کئی سطحوں پر اپنا کردار ادا کیا ہے۔ اس کی پالیسی زیادہ تر جغرافیائی سیاسی مفادات، بشار الاسد کی حکومت کی مخالفت اور خطے میں ایران کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کو محدود کرنے کے لیے تشکیل دی گئی تھی۔ سعودی عرب اسلامی عسکری گروہوں جیسے کہ جیش فتح، ابرار الشمس اور آرمی آف اسلام کی معاونت کرتا تھا جو کہ قدرے موڈریٹ جہادی تصور کیے جاتے ہیں۔ سعودی عرب اس بات کا خیال رکھتا تھا کہ خالص جہادی گروہوں جیسے القاعدہ اور ISIS کو ھتیار اور مالی امداد فراہم نہ کرے اس لیے ایسا لگتا ہے کہ اس نے HTS کے قیام کو ممکن بنایا اور امریکہ کو راضی کیا کہ وہ ان کا ساتھ دے تاکہ بنیاد پرست اسلامی گروہوں اور ایران کے اثرات سے محفوظ ایک سیاسی حکمت عملی قائم کی جاسکے۔

امریکا

امریکا HTS کو ایک دہشت گرد تنظیم قرار دیتا ہے کیونکہ یہ القاعدہ سے منسلک ایک شاخ کے طور پر ابھری تھی۔ اگرچہ HTS نے خود کو ایک مقامی اسلامی گروہ کے طور پر پیش کیا ہے، لیکن امریکا اس کے عزائم اور سرگرمیوں کے حوالے سے شکوک وشبہات رکھتا ہے۔ امریکا نے HTS کے رہنماؤں کو نشانہ بناتے ہوئے انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں کی ہیں اور اس گروہ کو شام میں ایک بڑا خطرہ سمجھتا ہے۔ HTS کی جانب سے عالمی جہادی نیٹ ورکس سے دوری کی وجہ سے امریکا نے اپنا مؤقف نرم کیا ہے۔ میرے خیال میں اگر امریکا سے مجاہدین نے تعاون حاصل کیا ہے جیسا کہ روسی جارحیت کے خلاف افغانستان میں کیا تھا تو یہ ان کی مجبوری ہو گی نہ کہ خواہش۔ لیکن اس کا سچ یا جھوٹ مجاہدین کی حکومت قائم ہونے کے بعد اس وقت سامنے آئے گا جب شریعت اسلامی اور مغربی شریعت (انسانی حقوق) میں تصادم ہو گا۔

روس

HTS اور روس کے تعلقات دشمنی پر مبنی ہیں کیونکہ روس شامی حکومت کی حمایت کرتا تھا اور HTS کو شام پر کنٹرول حاصل کرنے میں ایک بڑی رکاوٹ کے طور پر دیکھتا جاتا تھا۔ روسی افواج اکثر ادلب میں HTS کے ٹھکانوں پر فضائی حملے کرتی تھیں۔ روس کا بنیادی مقصد HTS کو کمزور کرنا اور ادلب پر اسد حکومت کا کنٹرول بحال کرنا تھا جو کہ چکنا چور ہو گیا ہے۔ جس کے نتیجے میں دونوں فریقوں کے درمیان تصادم کی فضا قائم ہے۔

ایران

۲۰۱۲ کے اوخر میں ایران نے حزب اللہ کو شام میں براہ راست کاروائی کے لیے بھیجا مگر اس میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہونے کے بعد ایران نے روس کو بشار کی سیاسی اور عسکری مدد کے لیے تیار کیا تھا۔ ہیئت تحریر الشام (HTS) اور ایران کے تعلقات شدید دشمنی اور مسلکی اختلافات پر مبنی ہیں۔ HTS ایک موڈریٹ سنی اسلامی گروہ کے طور پر سامنے آرہا ہے۔ ایرانی اور حزب اللہ اس کے دشمن ہیں ہے جو شام میں بشار الاسد کی حکومت کے حمایتی تھے۔ یہ سیاسی اختلافات ان کے تعلقات کو مزید خراب کر رہے ہیں۔

HTS نے شام میں شیعہ کمیونٹیز اور مقامات کو نشانہ بنایا تھا اور اکثر اپنی جدوجہد کو خطے میں شیعہ خاص طور پر بزعم خود ایرانی غلبے کے خلاف سنی مزاحمت کا حصہ قرار دیا تھا۔ حالیہ برسوں میں تحریر الشام نے اپنی تصویر کو زیادہ معتدل اور مقامی طور پر قبول کرنے کی کوشش کی ہے اور شیعہ گروہوں سے تصادم سے گریز کیا ہے۔ جس کا مقصد ایران سے سیاسی اختلاف کو مسلکی اختلاف سے دور کرنا ہو گا۔ ایران نے بھی ابھی تک شام میں اپنی شکست کو تسلیم کرتے ہوئے ادھر کوئی عسکری کارروائی نہیں کی ہے۔ بلکہ اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ اگر شامی موجودہ قیادت شیعوں کے خلاف کوئی کاروئی کرنے سے گریزاں رہے تو ایران بھی کوئی مداخلت نہیں کرے گا۔

HTS کی حالیہ کامیابیاں

HTS نے پورے شام پر قبضہ کر لیا ہے۔ جس کے مقاصد اور حکمت عملی کا جائزہ لیتے ہیں۔

HTS موقف اور حکمت عملی

HTS اپنی جدوجہد کو "سنی مسلمانوں کے دفاع" اور خطے میں "اسلام دشمن طاقتوں" کے خاتمے کے طور پر پیش کرتا تھا۔ موجودہ حالات میں اس گروہ نے اپنی تنظیمی حکمت عملی میں تبدیلی لاتے ہوئے خود کو بطور خاص ایک مقامی جہادی گروپ کے طور پر پیش کیا ہے تاکہ اسے عوامی حمایت حاصل ہو سکے۔ HTS بشار الاسد کے حامی گروہوں کو شکست دینے کے لیے دیگر مقامی جنگجو گروہوں کے ساتھ عارضی اتحاد[1] بھی قائم کرتا رہا ہے۔

چیلنجز

- سب سے پہلا چیلنج ملکی استحکام اور امن وامان کا قیام ہے جس کے لیے تمام گرہوں میں اتحاد قائم رکھنا ضروری ہے۔
- امریکا اور اسرائیل کے ساتھ کس نوعیت کا تعلق استوار ہو گا؟۔ اسرائیل مسلسل شام میں گولان سے آگے کی طرف پیش قدمی کر رہا ہے اور شامی ریاست کے عسکری ذخائر اور بنیادی ڈھانچے کو تباہ و برباد کر رہا ہے۔ مجاہدین کے ٹھکانوں پر فضائی حملے کر رہا ہے۔ ان کارروئیوں کے خلاف HTS کیا اقدامات کرتی ہے یا کرنے کی اہل ہے؟
- جمہوری حکومت کے قیام کا وہ اعلان کر چکے ہیں۔ عورتوں کی آزادی کے قائل نظر آ رہے ہیں۔ اس صورت حال میں اس کو مجاہدین سے اختلاف کا خدشہ نظر آ رہا ہے۔ وہ کس طرح مغربی طاقتوں اور اسلامی بنیاد پرستوں کے درمیان مفاہمت کر پاتی ہے یہ اس کا دوسرا بڑا چیلنج ہو گا۔

---

[1] عارضی اس نوعیت کا کہ حکومت بننے سے پہلے یا کسی مخصوص کاروائی کے لیے ہوں۔

● وہ شام میں امن کی کیا قیمت ادا کرنے کے لیے تیار ہے اور کس طرح اپنی اسلامی شناخت کو قائم رکھ کر ایک اسلامی ریاست کا قیام عمل میں لاتی ہے۔

● ترکی، اسرائیل اور امریکا سے تعلقات اس کے لیے ایک اور بڑا چیلنج ہے۔

● فلسطین کا جہاد جس میں شام کا اہم کردار ہے۔ حزب اللہ[۲] کے لیے ہتھیاروں کی سپلائی لائن جو کہ روس کے ذریعہ شامی بندگاہوں کے راستہ لبنان تک پہنچتی تھی اب بند ہو گئی ہے۔ جس سے اسرائیل کو فائدہ اور فلسطین کے جہاد کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس کمی کو شام کی موجودہ قیادت کس طرح پورا کرے گی یہ اس کا پانچواں بڑا چیلنج ہو گا۔

ایران کا ایجنڈا

ایران کے شام میں موجود ہونے کی سب سے بڑی وجہ اسد حکومت کو برقرار رکھنا ہے جو کہ علوی فرقے سے تعلق رکھتی ہے، جو شیعہ اسلام کا ایک ذیلی گروہ ہے[۳]۔ حالانکہ شام کی شیعہ آبادی بہت کم (۳-۴ فیصد) ہے، ایران اپنے سیاسی مفادات کے تحفظ کے لیے سیاسی بنیادوں پر شامی حکومت کا ساتھ دے رہا ہے۔ ایران کا یہ موقف ہے کہ وہ شام میں "مزاحمتی محور"(Resistance Axis) کو مضبوط کر رہا ہے تاکہ اسرائیل اور مغربی اثر و رسوخ کے خلاف ایک مضبوط اتحاد قائم کیا جاسکے۔ تاہم اس پالیسی کے نتیجہ میں ایران فرقہ واریت کی شدت، اور خاص طور پر HTS جیسے گروہوں کے ساتھ تعلقات کے تناظر میں، شام میں سنی اکثریتی آبادی کے درمیان نفرت کے ہدف کے طور پر سامنے آیا ہے۔

HTS کے ساتھ مذاکرات سے گریز

ایران کی حکمت عملی HTS جیسے جہادی گروہوں کے ساتھ مذاکرات کے بجائے انہیں

[۲] حماس کو ہتھیاروں کی سپلائی شام کے ذریعہ نہیں ہوتی بلکہ وہ دیگر ذرائع جیسے بلیک مارکیٹ سے ہتھیار حاصل کرتی ہے۔

[۳] جس کو عام طور پر اثنا عشری شیعہ ان شیعہ تسلیم نہیں کرتے۔

عسکری طاقت سے دبانے پر مبنی ہے۔ یہ نقطہ نظر ان کے لیے دوہری مشکلات پیدا کرتا ہے:
ا۔ سنی اکثریت کی دشمنی: ایران کی یہ پالیسی شام میں سنی عوام کے دلوں میں ایران کے لیے شدید نفرت کو ہوا دیتی ہے۔
۲۔ طویل مدتی نتائج HTS: جیسے گروہوں کی جیت یا مستقبل میں اقتدار میں کسی بھی مجاہد گروہ کی صورت میں ایران کے ساتھ تعلقات ہمیشہ کشیدہ رہیں گے۔

شیعہ اقلیت کی حفاظت یا توسیع پسندی؟

شام میں شیعہ اقلیت بذات خود اتنا بڑا خطرہ نہیں ہے کہ وہ سنی اکثریت کو نقصان پہنچا سکے۔ لیکن ایران کے ذریعے شام میں شیعہ مجاہدین کے گروہوں، مثلاً حزب اللہ، کی موجودگی اور فرقہ وارانہ مداخلت نے اسد حکومت کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ سنی اکثریتی علاقوں میں بدامنی کو ہوا دی ہے۔

- ایران کے عسکری عزائم: ایران کی حکمت عملی زیادہ تر عسکری اور سیاسی کنٹرول کو برقرار رکھنے پر مرکوز ہے، نہ کہ شیعہ اقلیت کے تحفظ پر۔ حزب اللہ اور دیگر ایرانی حمایت یافتہ گروہوں کی شامی تنازع میں موجودگی کا مقصد حزب اللہ اور حماس کو اسلحے کی فراہمی کے لیے محفوظ راستے فراہم کرنے ہیں لیکن اس کے ذیلی مقاصد میں خطے میں ایران کے اثر و رسوخ کو بڑھانا بھی ہے۔
- شر انگیزی کے اثرات: شیعہ مجاہدین بعض اوقات بعض سنی علاقوں میں براہ راست مداخلت اور پر تشدد کارروائیاں کرکے فرقہ وارانہ منافرت کو ہوا دیتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ شام کے سنی مجاہدین اور عوام ایران کو صرف ایک "فرقہ وارانہ دشمن" کے طور پر دیکھتے ہیں۔

لیکن اس میں یہ بھی یاد رہے کہ داعش جیسے گمراہ گروہوں کی شیعہ مسلمانوں پر ظلم و ستم اس فرقہ وارانہ ماحول کو قائم کرنے اور رکھنے کا ایک اہم سبب بھی ہے۔

مستقبل کے خطرات

ایران کی حکمت عملی نے خطے میں کئی بڑے خطرات پیدا کیے ہیں:

HTS اور دیگر مجاہد گروہوں کی طاقت: ایران کے خلاف بڑھتی ہوئی نفرت HTS اور دیگر سنی جہادی گروہوں کو عوامی حمایت فراہم کر سکتی ہے، جو ایران کے لیے مزید مسائل پیدا کرے گی۔

خطے میں ایران کا مستقبل: ایران کے اس کردار کی وجہ سے شام کے مستقبل میں قائم ہونے والی کسی بھی اسلامی حکومت کے ساتھ تعلقات ہمیشہ کشیدہ رہیں گے۔

نتیجہ

ہیئت تحریر الشام مجاہدین کا گروہ شک و شبہات کی نظر سے دیکھا جارہا ہے۔ جیسا کہ دیگر جہادی گروہوں کو پرکھا جاتا ہے۔ اگر وہ ناکام ہوں تو الزام ہوتا ہے کہ وہ نااہل ہیں اور اتنی بڑی طاقت سے کیسے نبرد آزما ہوں گے۔ اگر کامیاب ہوں تو وہ شک و شبہات سے پرکھے جاتے ہیں اور امریکی ایجینٹ تصور کیے جاتے ہیں۔ القاعدہ اور داعش کی ناکامیوں نے مجاہدین کو اس بات پر منظم کر دیا ہے کہ وہ عالمی جہاد کو فی الحال موقوف کرکے اپنے علاقوں میں اسلامی ریاست کو قائم کریں۔ جیسا کہ افغانستان میں ہوا ہے اور جیسا شیعہ مجاہدین میں حزب اللہ کرنے جارہی ہے۔ اس کے ساتھ وہ دیگر اسلامی گرہوں کے ساتھ کشید گی کو کم کر رہے ہیں۔ HTS نے بھی بظاہر اسی حکمت عملی کے تحت شام میں بشار الاسد کے خلاف کاروائی کی اور تمام جہادی گروہوں کے ساتھ تعاون کیا اور مفتوحہ علاقوں میں فوری طور پر امن قائم کیا، ماسوئے ایران کی حامی شیعہ ملیشا کے۔ جس میں ایران کی پالیسی کا فقدان زیادہ نظر آرہا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایران کے فرقہ وارانہ اقدامات نے شام کے تنازع کو مزید پیچیدہ کر دیا ہے۔ شام کی شیعہ اقلیت بذات خود سنی اکثریت کے لیے بڑا خطرہ نہیں ہے، لیکن ایران کی مداخلت نے فرقہ وارانہ تقسیم کو شدت بخشی ہے۔ اس حکمت عملی کے نتیجے میں، نہ صرف

شام میں ایران کا اثر و رسوخ کمزور ہونے کا خدشہ ہے بلکہ پورے مشرق وسطیٰ میں ایران کو ایک "فرقہ وارانہ طاقت" کے طور پر دیکھا جارہا ہے، جو اس کی سفارتی حیثیت کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

شام کی روزانہ بدلتی ہوئی صورت حال پر کوئی حتمی تجزیہ ممکن نہیں ہے اس لیے کہ التحریر الشام سے متعلق مکمل تجزیہ کسی عربی میڈیا جو کہ مجاہدین کا ہو اس تک ہماری رسائی نہیں ہے۔ اوپر دی گئی کچھ معلومات کی روشنی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ موجودہ دور کی تاریخ کا سب سے بڑا ظلم شام میں ہوا جس میں ۲۰۱۱ سے اب تک چھ سے سات لاکھ مسلمان شہید کر دیے گئے اور آدھے سے زیادہ آبادی نقل مکانی پر مجبور کر دیے گئی۔ اس قتل عام (جینوسائیڈ) پر مسلمان حکمران تو کجا عام دین دار طبقہ بھی لاعلم اور غافل رہا۔ اس دو دہائی کی قتل و غارت گردی پر اب ایک امن کی امید تحریر شام کی کامیابی سے دیکھی جاسکتی ہے

بشار الاسد کے ۵۰ سالہ دور کا اختتام بغیر کسی مزاحمت کے چند دنوں میں ہو گیا یہی کچھ افغانستان کی غدار حکومت کے ساتھ ہوا جہاں یہ حکومت چند دنوں میں مسخر کرلی گئی۔ مسلمانوں کے غدار حکمران نہایت بزدل ہوتے ہیں یہ صرف استعماری طاقت کے ہوائی حملوں کے زیر سایہ عام مسلمانوں پہ ظلم و جبر کر کے اپنے اقتدار کو طول دیتے ہیں۔ جیسے ہی استعماری طاقتوں کا زور کمزور پڑتا ہے یہ حکمران اور ان کے فوجی دم دبا کر بھاگ کھڑے ہوتے ہیں اور ان استعماری ممالک میں پناہ لیتے ہیں۔ اس کے بعد جو اسلامی طاقت ان کی جگہ قائم ہوتی ہے اس پر استعمار بلاواسطہ دباؤ ڈالتا ہے کہ وہ مغربی امن کو قائم کرنے کی ضمانت دیں۔ اگر اس کے برخلاف اسلامی بنیاد پرستانہ ریاست قائم کی تو پھر امریکا ان پر عسکری طاقت کو استعمال کرے گا۔ جو کہ اس نئی حکومت کا سب سے بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ مجاہدین کے ساتھ قربانی دینے والے اقلیت ہوتی ہے۔ عوام اتنے ظلم و ستم کے بعد ان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کو جلد از جلد امن فراہم کیا جائے اور ہر صورت جنگ سے دور رہا جائے۔ مجاہدین کی سب

سے بڑی کمزوری اس کا فضائی دفاع ہے دشمن فضا سے حملہ کر کے ان کی حکومت کے امن کو آسانی سے ختم کر سکتا ہے۔ اسی خطرے کے پیش نظر مجاہدین نے اپنی حکمت عملی میں تبدیلی کی ہے اور ایک ماڈریٹ اسلامی تشخص کو اپنایا ہے اور انہوں نے اپنے آپ کو عالمی اسلامی تحریکات سے الگ کر کے علاقائی اسلامی تحریک بنا لیا ہے۔ استعمار بھی اس وقت تذبذب کا شکار ہے کہ شام کی اس نئی قیادت پر بھروسہ کرے یا نہ کرے۔ مگر استعمار بھی اس وقت کمزور صورت حال سے دوچار ہے ایک طرف امریکہ کے الیکشن کے بعد تبدیلی اقتدار ہو رہا ہے جہاں ٹرمپ انتظامیہ جنگی بجٹ کو کم کرنے کے لیے مداخلت سے گریزاں نظر آرہی ہے۔ روس یوکرین میں پھنسا ہوا ہے اسرائیل اور ایران لبنان کی جنگ میں مصروف ہیں اس لیے یہ قوتیں موجودہ قائم ہونے والی مجاہدین سے برسرپیکار تو نہ ہوں گی مگر اس کو سامراجی نظام سے جکڑنے کی کوشش کریں گی اور اس کو ایک اسلامی موڈریٹ جمہوری ریاست بنانے پر زور دیں گی۔

ہمارے لیے خوش آئند بات یہ ہے کہ اسلامی گروہ اقتدار میں آرہا ہے جس سے توقع رکھی جا سکتی ہے کہ وہ اس پریشر سے نکل کر ایک مستحکم اسلامی ریاست قائم کرنے میں کامیاب ہو گا جو کہ اسلامی طویل جہاد کا حصہ ہو گی۔ ہمارا سب سے بڑا خدشہ یہ ہے کہ یہ ریاست فرقہ واریت کو فروغ نہ دے۔ اس خدشے کے برخلاف اس موجودہ ریاست نے ابھی تک شیعہ عوام سے کوئی بدلہ نہیں لیا ہے بلکہ ہر ایک کے لیے معافی کا اعلان کیا ہے۔ مگر شیعہ عوام کو خدشہ ہے کہ موجودہ حکومت ان سے بدلہ لے گی جو کہ اس لیے غلط ہے کہ اس حکومت نے عام معافی کا اعلان کر دیا ہے۔ اب ایران کی ڈپلومیسی ہے کہ جس طرح اس نے فلسطین میں حماس کے مجاہدین کے ساتھ تعاون کیا اسی طرح وہ شام کے مجاہدین کے ساتھ تعاون کرے اور ان سے امن معاہدات کرے۔

ہمارے بہت سے اسلامی تجزیہ کار مجاہدین کی اس فتح کو غداری اور امریکی سازش سے تعبیر کر

رہے ہیں۔ تو وہ سیاسی عسکری حکمت عملی سے انحراف کر کے ایک آئیڈیل پوزیشن پہ کھڑے ہوئے ہیں جہاں وہ سفید اور سیاہ کی طرح چیزوں کو دیکھتے ہیں اس دور میں اسلامی نشاۃ ثانیہ بالکل سفید کی طرح نہیں بلکہ دودھیا ہو گا جس میں کمزوریاں اور غلطیاں ہوں گی۔ ہم اس دور میں چاروں طرف سے استعمار کی چنگل میں پھنسے ہوئے ہیں اس لیے اس کامیابی کو اسی تناظر میں دیکھنا چاہیے۔

فلسطین کے جہاد پر اثرات

فلسطین کے جہاد پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوں گے؟ تو میرے خیال میں ہمارے لیے ہر مسلمان اہم ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک جگہ کے مسلمان کے تحفظ کے لیے دوسری جگہ کے مسلمانوں کا قتل و غارت کی جائے۔ لاکھوں شامی مسلمانوں کا قتل عام ہوا جن میں کافروں کے کردار کے ساتھ ایران نے بھی اپنا ہاتھ رنگا اور اس کو فلسطین کی مجاہدین کے دفاع سے تعبیر کیا۔ آئی ایس آئی ایس نے عراق میں چند شیعوں کو مارا تھا مگر مجموعی طور پہ اس نے اسلامی شریعت کا نفاذ کر کے شام اور عراق کو اسلامی ریاست بنا دیا تھا جو کہ امریکہ کی دشمن دہشت گرد ریاست تھی۔ اس کو امریکہ کی پشت پناہی میں عراق سے بے دخل کر کے شیعہ امن قائم کیا گیا اور ایک ظالمانہ حکومت ایران کی مدد سے عراق میں قائم کی گئی۔ جس نے وہاں لاکھوں مسلمانوں کو شہید کیا۔ شام میں اسد حکومت کے ساتھ مل کر مسلمانوں کی ریاست کو ختم کیا اور لاکھوں کو شہید کیا۔ اس صورتحال میں ہم شامی مسلمانوں کے قاتلوں کو اس لیے قبول کریں کہ وہ حماس کی مددگار ہو گی۔ جبکہ حماس نے مجاہدین کی اس فتح کو سراہا ہے اور ان کو مبارکباد دی ہے۔ ایران نے بھی اس خدشہ کے ساتھ ان کو مبارک باد دی ہے کہ موجودہ حکومت وہاں شیعوں کی حفاظت کی ضمانت دیں۔

شام کی فتح کے بعد جو خطرہ لاحق ہے وہ اسرائیل کا ہے۔ جو کہ گولان کی سرحدوں تک محدود تھا اس نے آگے کی طرف پیش قدمی کی ہے۔ حزب اللہ اور ایران کی سپلائی لائن کو بند کر دیا

ہے۔ اس کے علاوہ دمشق پر بھی حملہ کیے ہیں جن کا مقصد شام کے اندر موجود اسلحہ اور فوجی تنصیبات کو تباہ کرنا ہے۔ اس کا یہ تدارک نہیں ہے کہ ہم اقتدار کسی کافر کے حوالے کر دیں۔ جبکہ اس کا حل یہ ہے کہ ایران اپنی ڈپلومیسی کے ذریعے اس موجودہ حکومت سے رابطوں کو استوار رکھے اور اس موجودہ حکومت کے ساتھ جو مجاہدین شامل ہوں وہ بدستور اپنا دباؤ جاری رکھیں اور اس شام کی نئی حکومت کو مغرب کا آلہ کار بننے سے روکیں۔ التحریر الشام سے ہم یہ توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ ایک اسلامی ریاست کو شام میں قائم کرے گی جبکہ بشار الاسد کی حکومت سے یہ توقع رکھنا احمقوں کی جنت میں رہنے کے برابر ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ شام کی موجودہ ریاست فلسطین کے مسئلہ کو طویل المدتی پالیسی کے تحت حل کرنے میں حماس کی مددگار ہوگی۔

تتمہ

روس-ایران-بشار الاسد اتحاد کے نتیجہ میں مجاہدین شام اور عوام کو بے پناہ نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ حزب اللہ نے اس اتحاد سے اسرائیل کے خلاف ہتھیاروں کی سپلائی کو مستحکم کیا اور لبنان کے ذریعہ اسرائیل کو دباؤ میں رکھا۔

امریکا-سعودی-HTS کے اتحاد کے نتیجہ میں مجاہدین شام اور عوام کو امن نصیب ہوا۔ بشار کی ظلمانہ حکومت کا خاتمہ ہوا۔ اسرائیل کو حزب اللہ کے سپلائی لائن منقطع کرنے کا موقع ملا اور لبنان میں حزب اللہ کی سپائی لائن متاثر ہوئی۔

HTS کو شک کی نگاہ سے دیکھنے کے بجائے اس کے لیے دعاگو ہونا چاہیے کہ وہ اس امن کو اصلی اسلامی امن میں تبدیل کر دے۔ امریکا-سعودی عزائم کو خاک میں ملادے۔

ایران شیعیت سے بالاتر ہو کر HTS سے تعاون کو بڑھائے اور ان کو شام کے ذریعہ فلسطین کی مدد پر راضی کرے۔

☆☆☆

تحریک انصاف کی مزاحمت سے اسلامی انقلابی کیا سیکھ سکتے ہیں؟

ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری

تحریک انصاف کی مزاحمت بظاہر ناکام ہوتی نظر آرہی ہے۔ لیکن یہ جدوجہد جن مراحل سے گزر رہی ہے اس کا مطالعہ اسلامی انقلابیوں کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ تحریک انصاف کی جدوجہد کے نتیجہ میں بڑے پیانے پر پاکستانی عوام متحرک کیے گئے اور عوام کا سیاسی تحرک اسلامی انقلاب کو برپا کرنے کے لیے (پاکستان کے معروضی حالات میں) ضروری ہے۔

چنانچہ اس مضمون میں تحریک انصاف کی جدوجہد کا ایک اسلامی نقد مرتب کرنے کی کوشش کروں گا۔ پہلے اس جدوجہد کے مقاصد و اہداف کی نشان دہی کی جائے گی۔ پھر جدوجہد کی حکمت عملی اور اس حکمت عملی میں مضمر خوبیوں اور خامیوں کا تذکرہ کیا جائے گا اور آخر میں اس جدوجہد سے اسلامی انقلابی جو سبق حاصل کر سکتے ہیں ان پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی جائے گی۔

تحریک انصاف کی جدوجہد کے اہداف

تحریک انصاف ایک خالصتاً دہریہ جماعت ہے لیکن مسلم لیگ کی طرح اور پیپلز پارٹی، اے این پی اور ایم کیو ایم کے برخلاف یہ ایک اسلام دشمن جماعت نہیں۔ یہ جماعت عوامی اسلامی عصبیت کو قوم پرستانہ سرمایہ دارانہ مقاصد بالخصوص حصولِ آزادی اور ترقی کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہے۔

سرمایہ دارانہ تحکم سے تحریک انصاف کی وابستگی غیر مشروط ہے۔ سرمایہ دارانہ نظاماتی تسخیر یا اس سے مراجعت کا کوئی تصور اس کے پاس موجود نہیں۔ اس کا نظریاتی بیانیہ سوشل ڈیموکریٹ ہے لیکن اپنے دورِ اقتدار میں اس نے جو پالیسی سازی کی وہ سوشل ڈیموکریٹ نظریات کا اظہار نہیں تھی بلکہ بلاشبہ نیولبرل تھی۔ اس نے کوئی صنعت یا کاروبار نہیں قومیایا (نیشنلائز)، مزدور تنظیموں کے ملکیتی، مسابقتی حقوق میں اضافہ نہیں کیا۔ "ریاست مدینہ" کے تناظر میں اسلامی معاشرت کی ایک سوشل ڈیموکریٹ نظریاتی تشریح مرتب کی۔ غیر ملکی ترسیل زر پر کوئی پابندی عائد نہیں کی۔

عالمی سرمایہ دارانہ نظام سے وابستگی کو مستحکم رکھنا تحریک انصاف کے اہداف میں ہمیشہ سے اہم رہا ہے۔ ۲۰۱۹ میں اس نے آئی ایم ایف سے ای ایف ایف معاہدہ کر کے سامراجی نظاماتی بالادستی کو قبول کر لیا۔ سامراجی ممالک سے تعاون اور اشتراک عمل پر زور دیتی رہی۔ تارکین وطن رہائشیوں اور سامراجی سرمایہ کاروں سے امداد مانگتی رہی اور مانگتی رہتی ہے۔ تحریک انصاف کی وضع کردہ خارجہ پالیسی دوسری پاکستانی دہریہ جماعتوں کی خارجہ پالیسیوں سے مختلف نہیں۔

تحریک انصاف کوئی انقلابی جماعت نہیں۔ یہ لاطینی امریکا کی انقلابی لہر کی ان جماعتوں سے بالکل مختلف ہے جو یوراگوئے، ارجنٹینا، وینزویلا، بولیویا وغیرہ میں برسر اقتدار آتی رہی ہیں۔ یہ اندرونی ریاستی قوتوں سے مشاورت اور مصالحت پر آمادہ ہے۔ اس نے اپنے دور اقتدار میں کوئی قدم ایسا نہیں اٹھایا جس کے نتیجہ میں استبدادی ریاستی تفوق محدود ہو۔

حکمت عملی کی کامیابی اور ناکامیاں

تحریک انصاف کی اہم ترین کامیابی یہ ہے کہ اس نے پاکستانی عوام کے لیے ایک نیا مرجع تقلید پیدا کر دیا ہے۔ عمران خان کی مقبولیت جناح صاحب سے تو کم ہے لیکن بھٹو اور بے نظیر سے

زیادہ ہی ہے۔ عمران خاں کی یہ وابستگی کرشماتی ہے۔ جناح صاحب کے برخلاف عمران خاں کا کردار اور اس کی صفات مثالی نہیں۔ جناح صاحب ایک پکے اور سچے مسلم قوم پرست تھے۔ ان کی ۵۰ سالہ سیاسی زندگی میں کبھی کسی کٹر سے کٹر مخالف نے ان کی دیانت اور راست گوئی پر اعتراض کرنے کی جرأت نہیں کی۔ عمران خان کی ذاتی کمزوریاں سب پر عیاں ہیں اور اس کی کرداری کمزوریاں ہی اس کی کرپشن مخالف تحریک کی ناکامی کا ایک اہم سبب ہے۔ وہ خود کرپٹ ہو یا نہ ہو اس بات میں شک نہیں کہ نظاماتی اور اپنے حلیفوں کی کرپشن کو برداشت کرتا رہا ہے۔

عمران خاں ایک بہادر اور دلیر شخص ہے جو حوصلہ مندی سے مصائب جھیلنے کی سکت رکھتا ہے (نواز شریف اور بے نظیر کی طرح وہ ملک سے فرار ہونے پر آمادہ نہیں) لیکن بھٹو کی طرح وہ ایک megalomaniac یعنی خود پرست ہے۔ وہ کسی نظریہ سے جذباتی وابستگی نہیں رکھتا۔ بھٹو کوئی اشتراکی نہیں تھا۔ عمران خاں کوئی سوشل ڈیموکریٹ نہیں ہے۔ سوشل ڈیموکریسی اور مسلم ماڈرن ازم کو عمران خاں اپنے ذاتی اقتدار کے فروغ کا ذریعہ بنانے کا خواہش مند ہے (جیسا کہ بھٹو اشتراکیت کو بنانا چاہتا تھا)۔

خود پرستی کا اظہار پاکستانی عوام اپنے نجات دہندہ کی پرستش میں کرتے ہیں۔ پاکستان کا ایک عام باشندہ اپنے آپ کو کمزور، لاچار اور بے بس سمجھتا ہے اور اپنے محدود دائرۂ خود غرضیت میں اس بے چارگی کا اظہار کرتا رہتا ہے لیکن اس لاچارگی اور بے بسی سے نجات کا خواہش مند ہونے کے باوجود اسے اپنے لیے ناممکن تصور کرتا ہے اور ایک ایسے فوق البشر (Ubermensch) کی تلاش میں رہتا ہے جو نظاماتی لاچارگی اور بے بسی کو مسمار کر کے شخصی غلبہ حاصل کر لے۔

پاکستان کے عام باشندے کی نظریاتی وابستگی واجبی اور شخصی ہوتی ہے۔ وہ اپنی ذاتی زندگی میں مذہب سے جذباتی وابستگی رکھتا ہے لیکن نظم اجتماعی (پبلک آرڈر) میں نظریاتی اظہار کو ناممکن

تصور کرتا ہے۔ یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ وہ فوق البشر سے یہ توقع نہیں رکھتا کہ وہ اس کی بے بسی اور لاچارگی کو ختم کر دے گا کیونکہ یہ لاچارگی اور بے بسی نظاماتی ہے اور نظاماتی تسخیر (Transcendence) کا کوئی تصور عام پاکستانی عوام کی نظر میں معقول نہیں۔ وہ فوق البشر کی غیر مشروط پرستش کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے "منزل نہیں رہنما چاہیے"۔ رہنما کا ہر فعل عوام کی نظر میں جائز ہے بشرطیکہ یہ عمل رہنما کی قوت / خدائی کا اظہار ہو۔

بھٹو کی طرح عمران خان نے بھی اپنی قوت کے اظہار کے لیے عوامی تعامل کا سہارا نہیں لیا بلکہ روایتی سیاسی اشرافیہ، سرمایہ کاروں اور ڈیپ سٹیٹ کے مقتدرین پر انحصار کیا۔ یہ گروہ عمران خان کی پرستش نہیں کرتے۔ وہ اس کی عوامی ربوبیت کو اپنے روایتی سیاسی اور معاشی تسلط کو فروغ دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور اس روایتی اشرافیہ کی جماعتی قیادت کا رویہ تحریک انصاف کو ایک عوامی مزاحمتی تحریک نہیں بننے دیتا۔

تحریک انصاف کی روایتی قیادت ڈیپ سٹیٹ اور سامراج سے تصادم سے خائف اور مصالحت پر آمادہ ہے۔ لہٰذا ہر مزاحمتی عمل نامکمل اور ناکام رہتا ہے اور تحریک کی انتشار اور پسپائی پر منتج ہوتا ہے۔ اپنی فطری جرأت مندی کے باوجود عمران خاں نے کم از کم ابھی تک اس روایتی اشرافیہ پر حاوی ہونے یا اس سے نجات حاصل کرنے کی جرأت کا مظاہرہ نہیں کیا اور جلد یا بدیر یہ کم حوصلگی عمران خاں کو حاصل شدہ عوامی پرستش میں کمی کا باعث بنے گی۔

تحریک انصاف کی پالیسی ساز روایتی اشرافیہ تو ڈیپ سٹیٹ سے مصالحت پر آمادہ ہے اور عمران خاں کو مصالحت پر راضی کر رہی ہے۔ لیکن کیا ڈیپ سٹیٹ مصالحت کی ضرورت محسوس کر رہی ہے؟ اس میں شک نہیں کہ اگر مصالحت ہوئی تو ڈیپ سٹیٹ کی طے شدہ شرائط terms پر ہوگی۔ لیکن اگر اس مصالحت میں عمران خاں برسراقتدار آیا اور اس سے کم پر وہ راضی نہیں کیا جاسکا، تو کیا اس قسم کی مصالحت دیرپا ثابت ہوگی؟ ماضی کا تجربہ بتاتا ہے کہ اپنی عوامی پرستش کو برقرار رکھنے کے لیے عمران خاں کے لیے یہ ناگزیر ہو جائے گا کہ وہ

ڈیپ سٹیٹ کے نظاماتی تفوق کو محدود کرتا رہے۔

ڈیپ سٹیٹ کو عوامی تائید کی ضرورت کیوں ہے۔ پاکستان ایک دہریہ جمہوری ریاست ہے اور ریاستی دہریت اور جمہوریت کو فروغ دینے میں ڈیپ سٹیٹ کے سامراجی آقاؤں کی ترجیحات بھی شامل ہیں۔ لیکن ڈیپ سٹیٹ سامراجی جمہوری عمل کو جاری رکھنے کے لیے عوامی تحرک کے فروغ کو برداشت کرنے پر آمادہ نظر نہیں آتی۔ پاپولسٹ جماعتیں سامراج نواز ہو سکتی ہیں جیسا کہ مودی کے بھارت اور نیتن یاہو کے اسرائیل سے ثابت ہے لیکن پاپولسٹ ریاستوں کو برداشت کرنے کے لیے سامراج کو جو قیمت ادا کرنی پڑتی ہے فی الحال اس کی کوئی ضرورت پاکستان کے ضمن میں امریکا کو نظر نہیں آتی۔ پاکستانی ریاست جناح صاحب کے وقت سے لے کر آج تک ہمیشہ ایک تابع دار نیو کالونی بنے رہنے پر کمربستہ رہی ہے۔

عمران خان کی سامراج سے وابستگی پیچیدہ رہی ہے۔ وہ سامراج کا حلیف ہے۔ اس لیے اس نے اپنے دورِ اقتدار میں اسرائیل تک سے پاکستان کے تعلقات کو نارملائز کرنے کی کوشش کی تھی۔ وہ امریکا اور سعودی عرب کا باج گزار رہا ہے اور آج بھی یورپی اور امریکی مقننہ کے ممبروں کی حمایت اس کو حاصل ہوتی رہتی ہے۔ لیکن یوکرائن جنگ کے ابتدائی دور میں اس نے روس کا دورہ بھی کیا اور اپنی حکومت کی برطرفی کو برملا امریکی سازش کا نتیجہ بھی کہا۔ وہ اپنی خودمختاری پر سامراجی (امریکی یا چینی) گرفت کو کمزور کرنا چاہتا ہے اور اسے اس بات کا احساس ہے کہ سامراجی تابع داری اس کی عوامی پرستش کو مجروح کرنے کا باعث بن سکتی ہے۔ وہ ناصر اور تیتو اور نہرو کا پیرو ہے کوئی ہٹلر یا مسولینی یا شاویز نہیں۔

تحریک انصاف کے تجربہ سے اسلامی انقلابی کیا سیکھ سکتے ہیں؟

ہم اسلامی انقلابی ہیں۔ اسلامی انقلابی اس شخص کو کہتے ہیں جو مولانا مودودیؒ کے وضع کردہ

ان تین اجتہادات پر اعتقاد رکھتا ہے:

۱۔ اسلام ایک مکمل خود کفیل نظام حیات ہے۔

۲۔ مغرب کا وضع کردہ نظام حیات یعنی سرمایہ داری جاہلیت خالصہ ہے۔

۳۔ جاہلیت خالصہ کے خلاف جدوجہد میں ریاستی تحلیل مقدم حیثیت رکھتی ہے۔

اسلامی انقلابی وہ ہیں جو سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ریاستی عمل کے ذریعے جدوجہد کرنے کا فرض کفایہ ادا کر رہے ہیں۔ ہم یہ فریضہ پاکستانی سرمایہ دارانہ نظام کے تناظر میں ادا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لہٰذا ہمارا تخاطب لازماً پاکستانی عوام سے ہے۔ پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم اور تحریک انصاف کی پیش رفت سے واضح ہو گیا کہ پاکستانی عوام کی جذباتی اور دماغی کیفیت غلبہ دین یعنی اسلام کے نظم اجتماعی کے قیام اور فروغ کے لیے موزوں نہیں۔ وہ فوق البشر کی پرستش کرتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ

سروری زیبا فقط اسی ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی، باقی بتانِ آذری

پاکستانی عوام میں ایسے افراد کی تعداد محدود نہیں جو اپنی ذاتی زندگی میں شرع مطہرہ کے پابند ہیں۔ انہیں ہم مخلصین دین کہتے ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ملک میں مخلصین دین مجموعی آبادی کے ۹ یا ۱۰ فی صد تقریباً جو دو کروڑ کے لگ بھگ ہیں۔ یہ دو کروڑ مخلصین دین بھی نظم اجتماعی میں اپنی اسلامی شناخت کے اظہار سے گریزاں رہتے ہیں اور عوام کی طرح اپنی نظاماتی بے بسی اور لاچارگی کو دائمی اور فطری تصور کرتے ہیں۔ علمائے کرام، صوفیائے عظام، مبلغین اور معلمین کی مساعی جلیلہ کے نتیجہ میں مخلصین دین کی تعداد میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے۔ مسجدیں بھری ہوئی ہیں۔ مدارس پھل پھول رہے ہیں۔ خانقاہوں اور مزارات پر ہجوم ہے۔ مسلکی جماعتوں کا کام بڑھ رہا ہے۔ شعائر دین کے تحفظ میں تحریک لبیک پیش پیش ہے اور فدایانِ ناموس رسالت کی کوئی کمی نہیں۔

لیکن مخلصین دین کی نظاماتی بے بسی، لاچارگی اور بے توقیری میں کوئی واضح کمی نہیں ہو رہی اور پاکستانی نظم اجتماعی کی دہریت (secularization) دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔ پاکستانی ریاست پر سامراج کی گرفت مضبوط ہوتی جا رہی ہے اور مخلصین دین تماش بین کا کردار ادا کر رہے ہیں۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اقامت دین کی ادائیگی کے لیے صرف اصلاحی اور تبلیغی جدوجہد کافی نہیں۔ جب نظام اقتدار دہریوں کے ہاتھوں میں رہے تو تبلیغ اور تعلیم اور اصلاح کی معاشرتی محنت ہمیشہ محدود رہتی ہے۔ مکہ میں ہجرت سے قبل لگ بھگ تین ہزار کی آبادی میں سے صرف سو کے قریب لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ جب ریاست کی طاقت میسر ہوئی تو لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہوئے اور اصلاح اور تبلیغ کا کام بارآور ثابت ہونے لگا۔

لہٰذا پاکستان میں انقلاب کے اس مرحلہ میں ہمارا اصل کام مخلصین دین کو متحد اور منظم کرنا ہے۔ ہمیں ملک بھر میں پھیلی ہوئی مساجد کی بنیاد پر ایک ریاست درون ریاست قائم کرنے کی کوشش کرنا ہے تاکہ محلہ و بازار کی سطح پر نظاماتی اقتدار ائمہ مساجد کی قیادت میں مخلصین دین کے ہاتھوں میں آجائے اور مسجد میں اقتدار کا یہ نیٹ ورک معاشرے کو غیر دہریانہ، غیر جمہوری خطوط پر مرتب کرنے کی استعداد بتدریج حاصل کرتا رہے۔ ہماری احتجاجی اور انتخابی جدوجہد کا مقصد اسی مقامی اسلامی اداراتی اقتداری صف بندی کو منظم کرنا ہو۔ ہماری سامراج مخالفت محض زبانی کلامی نہ ہو بلکہ اس کی معاشرتی نظاماتی تحلیل پر منتج ہو۔ ہم سامراجی اسکولوں، سامراجی بینکوں، سامراجی این جی اوز کو اپنے محلوں، بازاروں، دیہاتوں اور شہروں سے باہر نکال دیں اور سامراجی ریاستی تعاونی معاہدوں کی تنفیذ کو ناممکن بنانے کی کوشش کریں۔

یہ کام ایک انقلابی اسلامی جماعت ہی انجام دے سکتی ہے۔ اصولاً جماعت اسلامی ایک اسلامی

انقلابی جماعت ہے۔ (تنظیم اسلامی اور تحریک اسلامی اصولاً انقلابی جماعتیں نہیں کیونکہ وہ ریاستی عمل کو غیر معینہ مدت تک ملتوی کر چکی ہیں) کیونکہ وہ مولانا مودودی کی تین بنیادی اجتہادات (اسلام ایک مکمل نظام حیات ہے، مغرب جاہلیت خالصہ ہے اور اقامت دین کے فرض کی ادائیگی میں سیاسی تعمل کی تقدیم) کو اصولاً قبول کرتی ہے اور جماعت اسلامی کا ایک عام کارکن اپنے اسلامی انقلابی تشخص کو قبول کرتا ہے۔

لیکن جماعت اسلامی عملاً کوئی اسلامی انقلابی جماعت نہیں۔ وہ ایک سوشل ڈیموکریٹ جماعت بنتی جا رہی ہے اور سرمایہ دارانہ عدل کے قیام کے لے ایسی رفاہ عامہ کی تحریکیں چلا رہی ہے جس کا کوئی تعلق فریضہ اقامت دین کی ادائیگی سے نہیں۔ اس کی بدترین مثال "حق دو کراچی کو" اور "بنو قابل" کی تحریکیں ہیں۔ اورالخدمت کا وہ کام ہے جو اقوام متحدہ کے تعاون سے انجام دیا جا رہا ہے۔ وہ ڈیپ سٹیٹ کے اتنے زیر اثر ہے کہ وہ اپنے مظاہروں کے فیصلہ سے متعلق حکومت سے جو سمجھوتا ہوا تھا۔ اس کی صریح وعدہ خلافی کے باوجود کوئی رد عمل ظاہر کرنے کی جرأت نہیں رکھتی۔ اس کے احتجاج، تحریک انصاف کے احتجاجوں کی طرح قطعاً ناکام ثابت ہو رہے ہیں اور اس قسم کے احتجاج سرمایہ دارانہ جمہوری تحکم کو مضبوط کر رہے ہیں۔

جماعت اسلامی کے امیر محترم نعیم الرحمان فرماتے ہیں "ابھی جماعت اسلامی اس پوزیشن میں نہیں کہ وہ نظاماتی انہدام کے لیے جدوجہد کرے"۔ ان کو اس کا احساس نہیں کہ وہ جماعت کو جس سمت میں لے جا رہے ہیں اس کے نتیجہ میں جماعت کی انقلابی صلاحیت بالکل فنا ہوتی جا رہی ہے اور جماعت ایک سرمایہ دارانہ رفاہی پریشر گروپ (Social Welfare group) بنتی جا رہی ہے۔ یہ جماعت اسلامی کی نظریاتی خودکشی کے مترادف ہے۔

ضرورت اس بات کی نہیں کہ جماعت سیاسی جدوجہد کو ترک کر کے روایتی اصلاحی جماعت بن جائے جیسا کہ بہت سے مخلصین دین اور سابق جماعتی علما کی رائے ہے بلکہ ضرورت اس

بات کی ہے کہ جماعت اپنی اسلامی انقلابی اساسیت کو اجاگر کرے۔ سوشل ڈیموکریٹ اقدامات کو ترک کرے، دستوری جکڑبندیوں کی تحلیل کی جستجو کرے، مخلصین دین کو علمائے کرام اور صوفیائے عظام کی قیادت میں متحد اور منظم کرنے کی کوشش کرے۔

تحقیق سے ثابت ہے کہ جب تک مجموعی آبادی کے تقریباً تین فیصد باشندے متحد اور منظم نہیں کیے جاتے اس وقت تک جمہوری ریاستوں میں طویل المدت تحریکات نہیں برپا کی جا سکتیں اور جو احتجاج اور انتخابی عمل طویل المدت تحریکات کی شکل اختیار نہیں کر پاتے وہ انقلاب کا پیش خیمہ ثابت نہیں ہوسکتے۔ اس قسم کا دیرپا عوامی تحرک پاکستان کی تاریخ میں کبھی برپا نہیں کیا جاسکا اور یہی وجہ ہے کہ ۱۹۶۸ء اور ۱۹۷۷ء میں مزاحمتی جدوجہد کے نتیجہ میں ریاستی اشرافیہ میں تبدل تو عمل میں آیا لیکن رائج شدہ نظم اجتماعی اور اس نظم اجتماعی کی سامراجی پیوستگی قائم رہی۔

پاکستان میں ملک کی بالغ آبادی کے تین فی صد کی تعداد تقریباً تیس لاکھ بنتی ہے۔ اسلامی انقلابی جدوجہد کو موثر انداز میں جاری رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ تیس لاکھ افراد کو اسلامی انقلابی خطوط پر ادارتی صف بندی کرکے اس طرح منظم اور متحد کیا جائے کہ وہ ریاستی اقتدار پر فی العمل قابض ہوتے چلے جائیں۔ اقتدار یا غلبہ عملی ہو محض علامتی نہ ہو۔ ان معنوں میں کہ معاشرتی سطح پر دہریہ ریاستی تحکم کی تنفیذ بتدریج کمزور ہوتی چلی جائے۔ یہ معاشرہ کو غیر جمہوری خطوط پر از سر نو مرتب کرنے کا عمل ہے اور اس کو جاری رکھے بغیر دستوری نظاماتی تناظر میں نہ احتجاج انقلابی پیش رفت پر منتج ہوسکتے ہیں نہ انتخابی جدوجہد۔

اگر جماعت اسلامی اپنی اصولی انقلابی شناخت کا اپنے عمل میں اظہار کرتی ہے تو اسے جلد یا بدیر اس کام کا بیڑا اٹھانا ہو گا۔ اس نے ایسا نہ کیا تو پاکستان میں مولانا مودودیؒ کے تین کلیدی اجتہادات (اسلام ایک مکمل خود کفیل نظام زندگی ہے؛ مغرب جاہلیت خالصہ ہے؛ دور حاضر میں اقامت دین کا فریضہ ادا کرنے کے لے سیاسی عمل کی تقدیم لازمی ہے) بے معنی ہو جائیں

گے۔ جماعت پر ریاست قبضہ کر لے گی اور وہ سیکولر سرمایہ دارانہ نظم اجتماعی میں ضم ہو کر ایک سوشل ڈیموکریٹ پریشر گروپ بنتی چلی جائے گی۔

دیکھو کہیں اجڑے نہ ہمارا یہ باغیچہ
اس کو لہو سے اپنے شہیدوں نے ہے سینچا
اس کو بچانا جان مصیبت میں ڈال کے
جماعت کو رکھنا میرے یارو سنبھال کے

***

کوئی لینن کا پجاری کوئی لنکن کا مرید
پیروئے احمد مختار ﷺ نہ تو اور نہ میں

☆

نیست در خشک و ترِ بیشۂ من کوتاہی
چوبِ ہر نخل کہ "منبر" نشود دار کنم

نظیری نیشاپوری

Editorial

The Revolution Will Come, My Friend. It Surely Will!

What Is Revolutionary Action?

Revolutionary action refers to the pursuit that results in the reorganization of an existing system of governance. Revolutionary action is a struggle that continues over a long period. Revolution itself, however, is an event.

The reorganization of the system of governance becomes necessary when the system fails to align with the values prevailing in a society. Under such circumstances, resistance emerges, advocating for the reorganization of the system of governance. When revolutionary forces successfully take control of the system of governance (i.e., the state), the revolutionary event occurs.

In Islamic history, the concept of revolution is an unfamiliar one. The reason is that, prior to colonial domination, the Islamic state endured for nearly 1,200 years. Collective decisions in governance were made based on *Shariah Mutah*ara (the holy Law of God) and in the light of Islamic disciplines (especially *Fiqh* and *Kalam*). The ruler was subject to *Shariah Mutahara* and, in this sense, was regarded as the 'shadow of Allah' (ظل اللہ). The system of governance remained aligned with societal values, traditions, and institutional arrangements.

Colonial conquest destroyed the Islamic state in the Muslim world. As a result of the struggle of Islamic

scholars and Sufis, Islamic individuality and society were preserved to a large extent, but the system of governance was reorganized purely along capitalist and secular lines. Consequently, the reorganization of the system of governance is an unavoidable need in the Muslim world today.

The Necessity of Islamic Revolutionary Struggle in the contemporary world

The necessity of the Islamic revolutionary struggle in the present era was realised by two great Imams (leaders). Imam Khomeini (may Allah have mercy upon him), in his treatise *"Wilayat -e-Faqih/The Islamic Government"*, insisted that in the absence of the Islamic state, it is the primary responsibility of *Fuqaha* (jurists) to struggle for the revival of the Islamic state and to continue the Islamic revolutionary process.

The faqeeh is the والی of the Ummat – the وارث of Prophets. The faqih was the guardian of the observance of the Shariah and the supremacy of the Islamic knowledges for over 12 hundred years in all Islamic states. Our Imam argues that it is the faqih's primary responsibility to deconstruct the secular neo-colonial state and re-establish the systemic rule of the Shariah and the Islamic knowledges.

In the subcontinent, Maulana Maududi (may Allah have mercy upon him) emphasized in his numerous writings that Islamic individuality and society cannot be preserved without the struggle for establishing the hegemony of the Islamic way of life (Ghalba-e-Deen). His two foundational ijtihads—(1) Islam is a comprehensive, self-sufficient system and (2) the West

is pure ignorance (*Jahiliyyah Khalisah*)—demand that it's impossible to fulfill the duty of establishing the systemic hegemony of Islam (اقامت دین) in the present age without continuing Islamic revolutionary struggle.

Therefore, the Islamic revolutionary struggle has two objectives:

- To overthrow the secular capitalist governance system.
- To reorganize the governance system on the basis of Islamic texts (نصوص).

In this sense, Islamic revolutionary struggle is fundamentally different in nature from those efforts that do not aim to overthrow the capitalist governance system but only seek to reform it. For example, socialism, which embraces capitalist values (freedom, progress, and equality), struggles for a purported class-based transformation of the governance system but does not challenge the supremacy of the rule of capital. In contrast, Islamic revolutionaries are struggling to dismantle the capitalist system entirely and do not seek to make internal structural changes within it.

Revolutionary struggle is necessarily a long-term endeavour. As Imam Mehdi Bazargan said, *"The path of the Islamic revolution is a long road."* Islamic revolutionaries are struggling for the complete destruction of the capitalist system. Capitalism is a global system that has been progressing step by step since the twelfth century and today it dominates the whole world. The periphery of this system (i.e., the regions where capital's dominance is not fully

entrenched) is constantly shrinking, and the Islamic revolutionary struggles exist within the context of this dominance, striving to amplify the contradictions inherent in the system. These contradictions are multifaceted. They have ideological, doctrinal, societal, governmental/state level, and cultural expressions. Therefore, the Islamic revolutionary struggle must be pursued at all levels – ideological, societal, and state levels – simultaneously. Our ability to influence thoughts and beliefs, and society and state, should continue to grow. This publication is an effort to enhance this capacity.

Islamic Revolutionary Struggle in Pakistan

The Islamic revolutionary struggle in Pakistan is currently at a standstill. The social base for such a struggle is present but no effort is being made to develop a revolutionary process on it. The social foundation for Islamic revolutionary struggle is provided by the individuals who adhere to the demands and injunctions of *Shariah* in their personal lives. These individuals, referred to as *Mukhlisin-e-Deen* (sincere followers of Islam), are estimated to constitute approximately 10.9% of Pakistan's total population in 2024. In other words, about 21 million people prioritize adherence to *Shariah Mutah*ara (God's holy Law) in their personal lives.

For the last 1,300 years or so, scholars and great Sufis have continued the work of Da'wah and Tabligh on a wide scale. For almost 1,100 years, these efforts were supported by Islamic states. When the Islamic state collapsed in the 19th century, depriving the

Islamic cause of state power, great scholars and Sufi masters devised a strategic plan that resulted in the preservation of Islamic disciplines and Islamic society to a large extent.

Since the establishment of Pakistan, Alhamdulillah, the work of *Dawah* and *Tabligh* has continued to spread, and as this work is spreading, the number of *Mukhlisin-e-Deen* is increasing and the social foundations of the Islamic revolutionary struggle are expanding.

However, the leadership of Islamic scholars has come to see the loss of state power as inevitable and eternal. As a result, a vast number of *Mukhliseen-e-Deen* have become disengaged from the collective process of the Islamic revolutionary struggle. They have confined the expression of their Islamic identity to their private lives, and have come to accept their powerlessness vis à vis the state apparatus as *fait accompli*, and have reconciled themselves with the secular system of governance. Nationalism, democracy, and the Islamisation of capitalist contracts have become prevalent (the worst form of which is Islamic banking). The struggle for establishing Islamic state, ensnared in the shackles of constitutional framework, has become a tool for providing a justification for the rule of the law of capital.

For the great majority of *Mukhliseen-e-Deen*, the concept of Islamic revolutionary struggle has become completely alien. The Ulema accused Maulana Maududi of inventing "political Islam," and Maulana Maududi's own Jamaat, Jamaat-e-Islami, also got

stuck in the quagmire of constitutionalism and practically relinquished the Islamic revolutionary struggle.

واعظِ قوم کی وہ پختہ خیالی نہ رہی
برق طبعی نہ رہی، شُعلہ مقالی نہ رہی
رہ گئی رسمِ اذاں، رُوحِ بِلالی نہ رہی
فلسفہ رہ گیا، تلقینِ غزالی نہ رہی

The Vision of This Publication

Jamaat-e-Islami is, in principle, an Islamic revolutionary party. It views Islam as a complete, self-sufficient system of life. However, the party has sought reconciliation with the very system— i.e. capitalism — that renders the systemic hegemony of Islam impossible. It has practically retreated from Maulana Maududi's ijtihad that "the West is pure ignorance" and is seeking accommodation within democratic system of governance. The concept and mention of Islamic revolution has completely disappeared from its discourse. It has embraced Muslim nationalist and social-democratic ideologies. It is fast becoming a social welfare organization. Yet, the sense of Islamic revolutionary struggle still exists in the hearts of its ordinary members.

Most of the people involved in the editorial board of this magazine are associated with the Jamaat-e-Islami and the purpose of the magazine is to articulate and promote Maulana Maududi's three foundational ijtihads:

- The struggle for establishing the Islamic state

during the era of global capitalist hegemony is obligatory and primary.

- Islam is a comprehensive and self-sufficient system of life.
- The West (i.e., capitalism) is pure ignorance (*Jahiliyyah Khalisah*).

Articles, Objectives & Audience

The primary audience of this publication are ulema and students of Islamic madrasas. We will attempt to formulate a case for the necessity of establishing the Islamic state and the necessity of Islamic revolutionary process in the modern era. We will present this case to the Ulema and students for their endorsement and critique. The aim is to organize *Mukhliseen-e-Deen* under a collective framework for the establishment of Islamic authority and to broaden the social and collective foundations of the Islamic revolutionary struggle.

In the same series of articles, an attempt will be made to formulate a justification for the Islamic revolutionary process. We will also highlight the ideological, state level, and social contradictions inherent in the global capitalist system today. We will focus particularly on imperialist strategy in order to explain the nature of the systemic imperialist/ capitalist domination of the Muslim world.

We will also attempt to address those brothers who are convinced of the Islamic revolutionary struggle in principle. We suspect that the majority of these brothers are current or former members of Jamaat-e-Islami (and perhaps Tanzeem-e-Islami and Tehreek-e-

Islami as well). We will try to present to them a strategic framework to continue the Islamic revolutionary process in Pakistan. Additionally, we will also address those brothers in these Islamic parties who now consider the Islamic revolution to be impossible in the country and are content on making these parties capitalist social welfare interest groups.

All readers are requested not to consider the material presented in this publication as the final word but as the beginning of an effort. We welcome critical feedback from readers and suggestions for improvement.

May Allah SWT sustain this effort and make it a means of strengthening the Islamic revolutionary struggle in the country.

وقال اركبوا فيها بسم الله مجراها ومرساها إن ربي لغفور رحيم
(هود ٤٢)

And (Noah) said, "Embark therein: In the name of Allah is its sailing and its anchorage. Surely, my Lord is Ever Forgiving, Most Merciful." (Surah Hud, 11:41)

قال ابن كثير الدمشقي رضي الله عنه: أي: بسم الله يكون جريها على وجه الماء، وبسم الله يكون منتهى سيرها، وهو رسوه

می شود پردۂ چشم پر کاہے گاہے
دیدہ ام ہردو جہاں را بنگاہے گاہے
وادیٔ عشق بسے دور و دراز است ولے
طے شود جادۂ صد سالہ بہ آہے گاہے

در طلب کوش و مدہ دامن امید ز دست
دولتے ہست کہ یابی سر راہے گاہے

اقبال رحمۃ اللہ علیہ

